اصل عکس پر مبنی انوکھی کتاب

میں کس کا ترجمۂ قرآن پڑھوں؟

مختلف مکاتبِ فکر کے تراجمِ قرآن میں سنگین غلطیاں، اللہ تعالیٰ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم انبیاءِ کرام علیہم السلام کی شان میں بے ادبی اور گستاخی پر مبنی الفاظ کا استعمال

ترجمہ کنزالایمان اور دیگر تراجم کا تقابلی جائزہ

مرتب: مولانا محمد شہزاد قادری ترابی

زاویہ پبلشرز

زاویہ پبلشرز

دربار مارکیٹ، لاہور

مختلف مکاتبِ فکر کے تراجمِ قرآن میں سنگین غلطیاں' اللہ تعالیٰ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم

انبیاء کرام علیہم السلام کی شان میں بے ادبی اور گستاخی پر مبنی الفاظ کا استعمال

ترجمہ کنزالایمان اور دیگر تراجم کا تقابلی جائزہ'

اصل عکس پر مبنی انوکھی کتاب

میں کس کا ترجمہ قرآن پڑھوں؟

مؤلف:
مولانا محمد شہزاد قادری ترابی

زاویہ پبلشرز
8-C دربار مارکیٹ - لاہور
Ph: 042-37248657- 37112954
Mob: 0300-9467047- 0321-9467047- 03004505466
Email:zaviapublishers@gmail.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

2013ء

بار اول.......................... 1000

ہدیہ.............................. 250

زیرِ اہتمام...............نجابت علی تارڑ

﴿لیگل ایڈوائزرز﴾

محمد کامران حسن بھٹہ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ (لاہور) 0300-8800339

﴿ملنے کے پتے﴾

راولپنڈی کے سول ڈسٹری بیوٹرز

اسلامک بُک کارپوریشن

فضل داد پلازہ ۔ اقبال روڈ ۔ کمیٹی چوک ۔ راولپنڈی 051-5536111

مکتبہ رحیمیہ، اردو بازار، کراچی	021-32744994
مکتبہ برکات المدینہ، کراچی	021-34219324
مکتبہ قاسمیہ برکاتیہ، حیدر آباد	022-2780547
مکتبہ رضویہ آرام باغ، کراچی	021-32216464
نورانی ورائٹی ہاؤس، بلاک نمبر 4، ڈیرہ غازی خان	0321-7387299
کتب خانہ حاجی نیاز احمد، بیرون بوہڑ گیٹ، ملتان	0313-8461000
مکتبہ بابا فرید چوک چٹی قبر پاکپتن شریف	0301-7241723
مکتبہ غوثیہ عطاریہ اوکاڑہ	0321-7083119
مکتبہ العطاریہ لنک روڈ صادق آباد	0333-7413467
مکتبہ سخی سلطان حیدر آباد	0321-3025510
مکتبہ فیضان رضا، حیدر آباد	0322-3142065
اقراء بک سیلرز، فیصل آباد	041-2626250
النور بُک کارنر، میر پور	0331-8857173

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قرآن مجید فرقان حمید منارۂ نور ہے۔ یہ وہی کتاب ہے جس میں ہر چیز کا ذکر موجود ہے۔ اس کتاب کو رب کریم جل جلالہ نے اپنے حبیب ﷺ کے قلب اطہر پر نازل فرمایا۔ یہ کتاب مسلمانوں کی ہدایت کیلئے نازل فرمائی ہے۔ مسلمان اس کتاب سے ہدایت حاصل کرتے ہیں۔

قرآن مجید عربی زبان میں ہے۔ اہل عرب باآسانی اسے پڑھ کر اسے سمجھنے لگے مگر جب اسلام مختلف زبانوں کے لوگوں تک پہنچا اور ان کے اندر قرآن مجید سمجھنے کا شوق پیدا ہوا تو مختلف زبانوں میں قرآن مجید کے ترجمے ہوئے۔ وقت گزرتا گیا۔ قرآن مجید کے نور سے مسلمان منور ہونے لگے۔ یہود ونصاریٰ کو تشویش ہونے لگی۔ انہوں نے ایڑی چوٹی کا زور لگایا کہ کسی طرح اس کتاب یعنی قرآن مجید کو اس دنیا سے ختم کردیا جائے مگر وہ مکمل طور پر ناکام رہے۔ اس لئے کہ جس کلام کی حفاظت کا ذمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ لیا ہو، مومن کے دل کو جس کی حفاظت کا مقام بنایا ہو، ایسے کلام کو کون مٹاسکتا ہے۔

یہود ونصاریٰ جب مکمل طور پر مایوس ہوگئے تو انہوں نے یہ چال چلی کہ اب ہم قرآن مجید کے تراجم میں تبدیلی اور اسلام مخالف عقائد شامل کریں گے۔ چنانچہ انہوں نے چند نام نہاد اسلامی اسکالرز کو تیار کیا جنہوں نے اپنے ترجمہ قرآن میں ایسی باتیں شامل کیں جو کہ اسلامی عقائد ونظریات کے سراسر خلاف تھیں اور یہود ونصاریٰ کی ترجمان تھیں۔

اکثر مترجمین قرآن کی نظر الفاظ قرآنی کی روح تک نہیں پہنچ سکی اور ان کے ترجمہ سے قرآن کریم کا مفہوم ہی بدل گیا ہے بلکہ بعض مقامات پر ترجمے میں تحریف بھی کی گئی، لفظ بلفظ ترجمہ کرنے کے سبب حرمت قرآن، عصمت انبیاء علیہم السلام کا پاس نہیں رکھا گیا جس کی وجہ سے ان کے تراجم سے اسلام کو زبردست نقصان پہنچا اور پہنچ رہا ہے۔

ان تمام تراجم کو ہم سامنے رکھ کر اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان محدث بریلوی علیہ الرحمہ کے ترجمہ قرآن کنزالایمان سے اس کا تقابل کریں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ دیگر مترجمین نے کہاں کہاں ٹھوکر کھائی ہے اور امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے کس طرح اپنے ترجمہ قرآن کنزالایمان میں اس کا ادب وتعظیم اور قرآن کی اصل روح کو مدنظر رکھ کر اپنا قلم اٹھایا ہے۔ امام احمد رضا خان محدث بریلوی علیہ الرحمہ نے جملہ مستند ومروج تفاسیر کی روشنی میں قرآن مجید کی ترجمانی فرمائی ہے جس آیت کی وضاحت مفسرین کرام نے کئی کئی صفحات میں فرمائیں، امام احمد رضا خان محدث بریلوی علیہ الرحمہ کو یہ خوبی عنایت فرمائی گئی کہ وہی مفہوم ترجمہ کے ایک جملہ یا ایک لفظ میں سمودیا۔ یوں سمجھ لیجئے کہ سمندر کو کوزے میں بند کردیا ہے۔

اب ہم آپ کے سامنے مختلف تراجم اور امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ کے ترجمہ قرآنی کا تقابلی جائزہ پیش کریں گے۔ بلاتعصب آپ پڑھ کر خود فیصلہ کریں کہ کس کا ترجمہ اسلامی عقائد پر مبنی اور کس کا ترجمہ اسلامی عقائد کے منافی ہے۔

القرآن:اللہ یستھزئ بھم ویمدھم فی طغیانھم یعمھون

(سورۂ بقرہ آیت15، پارہ1)

ترجمہ: اللہ ہنسی کرتا ہے ان کے ساتھ اور ان کو ڈھیل دیتا ہے کہ اپنی سرکشی میں بہکے پھریں۔

(ترجمہ: عاشق الٰہی میرٹھی، دیوبندی)

ترجمہ: اللہ ٹھٹھا کرتا ہے ان سے اور کھینچتا ہے ان کو بیچ سرکشی ان کی کے بہکے ہیں (ترجمہ: شاہ رفیع الدین دہلوی)

ترجمہ: (جبکہ) اللہ مذاق کررہا ہے ان سے کہ مہلت دیئے جارہا ہے انہیں کہ وہ اپنی سرکشی میں اندھوں کی طرح بھٹک رہے ہیں (ترجمہ: سید شبیر احمد دیوبندی (دورنگوں والا قرآن)

ترجمہ: اللہ ان سے مذاق کررہا ہے، وہ ان کی رسی دراز کیے جاتا ہے اور یہ اپنی سرکشی میں اندھوں کی طرح بھٹکتے چلے جاتے ہیں (ترجمہ: مودودی، دیوبندی)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ بھی ان سے مذاق کرتا ہے اور انہیں ان کی سرکشی اور بہکاوے میں اور بڑھا دیتا ہے۔

(ترجمہ: سعودی عرب)

ترجمہ: اللہ ان سے مذاق (کا معاملہ) کرتا ہے اور انہیں ایسی ڈھیل دیتا ہے کہ وہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں۔

(آسان ترجمہ، مفتی تقی عثمانی، دیوبندی)

ترجمہ: انہیں اللہ بنا رہا ہے اور انہیں ڈھیل دے رہا ہے (تو) وہ اپنی سرکشی میں سرگردان ہورہے ہیں (ترجمہ: عبدالماجد دریابادی، دیوبندی)

ترجمہ: اللہ ہنسی کرتا ہے ان سے اور ترقی دیتا ہے ان کو ان کی سرکشی میں (اور) حالت یہ ہے کہ وہ عقل کے اندھے ہیں (ترجمہ: محمود الحسن، دیوبندی)

ترجمہ: اور (منافقوں) سے خدا ہنسی کرتا ہے اور انہیں مہلت دیئے جاتا ہے کہ شرارت وسرکشی میں پڑے بہک رہے ہیں (ترجمہ: فتح محمد جالندھری، دیوبندی)

ترجمہ: اللہ ان سے مذاق کررہا ہے اور ان کی سرکشی میں (ترجمہ: امین احسن اصلاحی)

ترجمہ: اللہ ان کا مذاق اڑاتا ہے اور انہیں ڈھیل دے رہے ہیں اپنی سرکشی ہی میں حیران پھرتے ہیں

(ترجمہ: حافظ عبدالسلام بن محمد، اہلحدیث)

ترجمہ: اللہ ہنسی اڑاتا ہے اور ان کی اور مہلت دے رکھی ہے (ترجمہ: مرزا حیرت دہلوی، اہلحدیث)

ترجمہ: (وہ کیا بنائیں گے) خدا ان کو بناتا ہے اور ان کو ڈھیل دیتا ہے کہ وہ اپنی سرکشی میں غلطاں و پیچاں رہیں (ترجمہ: فرمان علی، شیعہ)

ترجمہ: اللہ بھی ان کے ساتھ تمسخر کرتا ہے اور انہیں ڈھیل دیتا ہے کہ یہ اپنی سرکشی میں سرگرداں رہیں گے (ترجمہ: محسن علی نجفی، شیعہ)

آپ نے مختلف مکاتب فکر کے مترجمین کے تراجم ملاحظہ فرمائیں۔ تمام مترجمین نے تراجم میں ٹھٹھا، ہنسی، مذاق اور بے وقوف بنانے کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی ہے۔

اب آپ علمائے اہلسنت کے تراجم ملاحظہ فرمائیں اور خود فیصلہ کریں کہ کس کا ترجمہ ایمان کے عین مطابق ہے۔

القرآن: اللہ یستھزئ بھم ویمدھم فی طغیانھم یعمھون

(سورۂ بقرہ آیت 15، پارہ 1)

ترجمہ: اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے (جیسا کہ اس کی شان کے لائق ہے) اور انہیں ڈھیل دیتا ہے کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں (ترجمہ کنزالایمان: امام احمد رضا خان بریلوی علیہ الرحمہ)

ترجمہ: اللہ ان کے مخول کا انہیں بدلہ دیتا ہے اور ان کی سرکشی میں انہیں کھینچتا ہے، اس حال میں کہ وہ بھٹکتے ہیں (ترجمہ: البیان علامہ سید احمد سعید کاظمی)

ترجمہ: بس ہم تو ہنسی کرنے والے ہیں اللہ خود ذلیل کرتا ہے انہیں اور ڈھیل دیتا ہے انہیں کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے ہیں (ترجمہ: محدث اعظم ہند سید محمد کچھوچھوی علیہ الرحمہ)

شاہ رفیع الدین نے اپنے ترجمۂ قرآن میں ٹھٹھا اور مذاق کی نسبت رب تعالیٰ کی طرف کی

الٓمٓ ۱ — ۵ — البقرۃ ۲

شَیٰطِیْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَللّٰهُ

سرداروں اپنے کی کہتے ہیں تحقیق ہم ساتھ تمہارے ہیں سوائے اس کے نہیں کہ ہم ٹھٹھا کرتے ہیں اللہ

یَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَیَمُدُّهُمْ فِیْ طُغْیَانِهِمْ یَعْمَهُوْنَ ﴿۱۵﴾

ٹھٹھا کرتا ہے اُن سے اور کھینچتا ہے ان کو بیچ سرکشی اُن کی کے بہکتے ہیں

اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰی ۠ فَمَا رَبِحَتْ

یہی لوگ ہیں جنہوں نے مول لی گمراہی بدلے ہدایت کے پس نہ فائدہ لائی

تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِیْنَ ﴿۱۶﴾ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِی

سوداگری ان کی نے اور نہ ہوئے راہ پانے والے مثال اُن کی جیسے مثال اس شخص کی ہے جو

اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ

جلاوے آگ پس جب روشن کیا جو کچھ گرد اسکے تھا لے گیا اللہ روشنی اُن کی

وَتَرَكَهُمْ فِیْ ظُلُمٰتٍ لَّا یُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷﴾ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ

اور چھوڑ دیا ان کو بیچ اندھیروں کے نہیں دیکھتے بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں پس وہ

لَا یَرْجِعُوْنَ ﴿۱۸﴾ اَوْ كَصَیِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِیْهِ ظُلُمٰتٌ وَّ

نہیں پھر آنے کے یا مانند مینہ کی آسمان سے بیچ اس کے اندھیرے ہیں اور

رَعْدٌ وَّبَرْقٌ ۚ یَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِیْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ

گرج ہے اور بجلی کرتے ہیں انگلیاں اپنی بیچ کانوں اپنے کے کڑک سے

حَذَرَ الْمَوْتِ ؕ وَاللّٰهُ مُحِیْطٌۢ بِالْكٰفِرِیْنَ ﴿۱۹﴾ یَكَادُ الْبَرْقُ

ڈر موت کے سے اور اللہ گھیرنے والا ہے کافروں کو نزدیک ہے بجلی

یَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ؕ كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِیْهِ ۙ وَاِذَآ

اُچک لے جاوے آنکھیں اُن کی جب روشنی کرتی ہے اُن کو چلتے ہیں بیچ اسکے اور جب

اَظْلَمَ عَلَیْهِمْ قَامُوْا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ

اندھیرا کرتی ہے اوپر اُن کے کھڑے ہو رہتے ہیں اور اگر چاہے اللہ لے جاوے کان ان کے

وَاَبْصَارِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۲۰﴾ یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ

اور آنکھیں ان کی تحقیق اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے اے لوگو

اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ

عبادت کرو پروردگار اپنے کی جس نے پیدا کیا تم کو اور ان کو جو پہلے تم سے تھے تو کہ تم

۲ : ۱۴ — منزل ۱ — ۲ : ۲۱

القرآن الحکیم

مترجم
ازمولانا شاہ رفیع الدین محدث دہلوی
تفسیر
ازمولانا شاہ عبدالقادر صاحب محدث دہلوی

قدرت اللہ

القرآن = انما نحن مستهزء ون o الله يستهزی بهم ويمدهم (سورۂ بقرہ آیت 14-15، پارہ 1)

ترجمہ: سوائے اس کے نہیں کہ ہم ٹھٹھا کرتے ہیں، اللہ ٹھٹھا کرتا ہے ان سے اور کھینچتا ہے (ترجمہ: شاہ رفیع الدین دہلوی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان = اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے (جیسا کہ اس کی شان کے لائق ہے) اور انہیں ڈھیل دیتا ہے۔

دیوبندی پیشوا مولوی عاشق الٰہی میرٹھی نے اپنے ترجمہ قرآن میں ٹھٹھا، ہنسی کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی ہے

الٓمّٓ ٦ البقرة

أَلَآ إِنَّهُمْ هُمُ ٱلْمُفْسِدُونَ وَلَٰكِن لَّا يَشْعُرُونَ ﴿١٢﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ
سنو! بیشک یہی لوگ فسادی ہیں! لیکن نہیں سمجھتے اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ
ءَامِنُوا۟ كَمَآ ءَامَنَ ٱلنَّاسُ قَالُوٓا۟ أَنُؤْمِنُ كَمَآ ءَامَنَ ٱلسُّفَهَآءُ ۗ أَلَآ إِنَّهُمْ
ایمان لے آؤ جیسے اور سب لوگ ایمان لے آئے ہیں تو کہتے ہیں کہ کیا ہم بھی ایمان لے آئیں جیسے یہ بیوقوف ایمان لے آئے ہیں! سنو! بیشک یہی
هُمُ ٱلسُّفَهَآءُ وَلَٰكِن لَّا يَعْلَمُونَ ﴿١٣﴾ وَإِذَا لَقُوا۟ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ قَالُوٓا۟ ءَامَنَّا
بیوقوف ہیں! لیکن نہیں جانتے اور جب ملتے ہیں مسلمانوں سے تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے ہیں!
وَإِذَا خَلَوْا۟ إِلَىٰ شَيَٰطِينِهِمْ قَالُوٓا۟ إِنَّا مَعَكُمْ إِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُونَ ﴿١٤﴾
اور جب اکیلے جاتے ہیں اپنے شیطانوں کے پاس تو کہتے ہیں کہ بلاشبہ ہم تمہارے ساتھ ہیں! ہم تو ہنسی کرتے ہیں!
ٱللَّهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِى طُغْيَٰنِهِمْ يَعْمَهُونَ ﴿١٥﴾ أُو۟لَٰٓئِكَ
اللہ ہنسی کرتا ہے ان کے ساتھ اور ان کو ڈھیل دیتا ہے کہ اپنی سرکشی میں بہکے پھریں یہی ہیں جنہوں نے
ٱلَّذِينَ ٱشْتَرَوُا۟ ٱلضَّلَٰلَةَ بِٱلْهُدَىٰ فَمَا رَبِحَت تِّجَٰرَتُهُمْ وَمَا كَانُوا۟
خرید لی گمراہی! ہدایت کے بدلے سو نہ نافع ہوئی ان کی سوداگری اور نہ انھوں نے
مُهْتَدِينَ ﴿١٦﴾ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ ٱلَّذِى ٱسْتَوْقَدَ نَارًا فَلَمَّآ أَضَآءَتْ
راہ پائی! ان کی مثال اس شخص کی سی ہے جس نے آگ سلگائی! پھر جب اس نے روشن کر دیا
مَا حَوْلَهُۥ ذَهَبَ ٱللَّهُ بِنُورِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِى ظُلُمَٰتٍ لَّا يُبْصِرُونَ ﴿١٧﴾
ارد گرد کو تو لے گیا اللہ ان کے نور کو اور ان کو چھوڑ دیا اندھیروں میں کہ کچھ نہیں سوجھتا
صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُونَ ﴿١٨﴾ أَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ ٱلسَّمَآءِ
بہرے گونگے اندھے ہیں کہ پھر نہیں سکتے! یا ان کا حال آسمانی بارش جیسا ہے کہ
فِيهِ ظُلُمَٰتٌ وَرَعْدٌ وَبَرْقٌ يَجْعَلُونَ أَصَٰبِعَهُمْ فِىٓ ءَاذَانِهِم
جس میں اندھیرے اور گرج اور بجلی ہے! انگلیاں کئے لیتے ہیں اپنے کانوں میں کڑک کے مارے
مِّنَ ٱلصَّوَٰعِقِ حَذَرَ ٱلْمَوْتِ ۚ وَٱللَّهُ مُحِيطٌۢ بِٱلْكَٰفِرِينَ ﴿١٩﴾
موت کے ڈر سے! اور اللہ گھیرے ہوئے ہے منکروں کو!
يَكَادُ ٱلْبَرْقُ يَخْطَفُ أَبْصَٰرَهُمْ ۖ كُلَّمَآ أَضَآءَ لَهُم مَّشَوْا۟
قریب ہے کہ بجلی اچک لے جائے ان کی آنکھیں! جب چمکتی ہے ان پر تو اس میں چل لیتے ہیں

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيهِ

القرآن الحکیم

مع ترجمہ از

مولانا عاشق الٰہی میرٹھیؒ

تاج کمپنی لمیٹڈ کراچی لاہور راولپنڈی

طبع شدہ باہتمام ... منتظم تاج کمپنی لمیٹڈ

القرآن = انما نحن مستهزءون o الله يستهزئ بهم ويمدهم (سورۂ بقرہ آیت 14-15، پارہ 1)

ترجمہ: ہم تو ہنسی کرتے ہیں، اللہ ہنسی کرتا ہے ان کے ساتھ اور ان کو ڈھیل دیتا ہے۔ (ترجمہ: عاشق الٰہی میرٹھی، دیوبندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ کنز الایمان میں کیا۔

ترجمہ کنز الایمان = اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے (جیسا کہ اس کی شان کے لائق ہے) اور انہیں ڈھیل دیتا ہے۔

دیوبندی پیشوا مولوی محمود الحسن نے اپنے ترجمۂ قرآن میں ہنسی کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی ہے

البقرة ۲ — 5

هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا
بیوقوف لیکن نہیں جانتے ف اور جب ملاقات کرتے ہیں مسلمانوں سے تو کہتے ہیں

اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ
ہم ایمان لے آئے ہیں اور جب تنہا ہوتے ہیں اپنے شیطانوں کے پاس تو کہتے ہیں کہ بیشک ہم تمہارے ساتھ ہیں ف ہم تو

مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ
ہنسی کرتے ہیں ف (یعنی مسلمانوں سے) اللہ ہنسی کرتا ہے ان سے ف اور ترقی دیتا ہے ان کو ان کی سرکشی میں (اور)

يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۪ فَمَا رَبِحَتْ
حالت یہ ہے کہ وہ عقل کے اندھے ہیں ف یہ وہی ہیں جنہوں نے مول لی گمراہی ہدایت کے بدلے سو نافع نہ ہوئی

تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۶﴾ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِى اسْتَوْقَدَ
ان کی سوداگری ف اور نہ ہوئے راہ پانے والے ف ان کی مثال اس شخص کی سی ہے جس نے آگ

نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ
جلائی پھر جب روشن کر دیا آگ نے اسکے آس پاس کو تو زائل کر دی اللہ نے انکی روشنی اور چھوڑا ان کو

فِيْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷﴾ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۸﴾
اندھیروں میں کہ کچھ نہیں دیکھتے ف بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں سو وہ نہیں لوٹیں گے ف

اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ۚ يَجْعَلُوْنَ
یا ان کی مثال ایسی ہے جیسے زور سے مینہ پڑ رہا ہو آسمان سے اس میں اندھیرے ہیں اور گرج اور بجلی دیتے ہیں

اَصَابِعَهُمْ فِىْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ۭ وَاللّٰهُ
انگلیاں اپنے کانوں میں مارے کڑک کے موت کے ڈر سے اور اللہ

مُحِيْطٌ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹﴾ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ۭ كُلَّمَآ
احاطہ کرنے والا ہے کافروں کا ف قریب ہے کہ بجلی اچک لے ان کی آنکھیں جب

اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ
چمکتی ہے ان پر تو چلنے لگتے ہیں اسکی روشنی میں اور جب اندھیرا ہوتا ہے تو کھڑے رہ جاتے ہیں اور اگر چاہے اللہ

منزل ۱

القرآن الحکیم
ترجمہ شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن صاحب
تفسیر شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی
تاج کمپنی لمیٹڈ لاہور کراچی

القرآن = انما نحن مستهزءون ۝ الله يستهزئ بهم ويمدهم (سورۂ بقرہ آیت 14-15، پارہ 1)

ترجمہ: ہم تو ہنسی کرتے ہیں (یعنی مسلمانوں سے) اللہ ہنسی کرتا ہے ان سے (ترجمہ: محمود الحسن، دیوبندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان = اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے (جیسا کہ اس کی شان کے لائق ہے) اور انہیں ڈھیل دیتا ہے۔

دیوبندی پیشوا مولوی عبدالماجد دریابادی نے اپنے ترجمۂ قرآن میں بے وقوف بنانے کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی ہے

الم ۱ — ۱۰ — البقرۃ ۲

بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ﴿۱۰﴾ وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا

اس لئے کہ وہ جھوٹ کہتے تھے ف۲۹ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ زمین پر

فِي الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱﴾

فساد مت پھیلاؤ ف۳۰ تو کہتے ہیں کہ ارے! ہم تو اصلاح کر رہے ہیں ف۳۱

اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَ لٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۲﴾

سن رکھو حقیقۃً یہی لوگ فسادی ہیں اور یہ اس کا بھی احساس نہیں رکھتے ف۳۲

وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا

اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ ایمان لے آؤ جیسا کہ لوگ ایمان لائے ہیں ف۳۳ تو کہتے ہیں ف۳۴

اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ

کہ کیا ہم (ایسا) ایمان لے آئیں جیسا کہ بیوقوف ایمان لائے ہیں؟ ف۳۵ سن رکھو کہ بیوقوف تو خود یہی لوگ ہیں

وَ لٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَ اِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اور اس کا بھی علم نہیں رکھتے ف۳۶ اور جب ان لوگوں سے ملتے ہیں جو ایمان لا چکے ہیں ف۳۷

قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَ اِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا

تو کہتے ہیں کہ ہم بھی تو ایمان لا چکے ہیں ف۳۸ اور جب اپنے شیطانوں کے پاس اکیلے ہوتے ہیں ف۳۹ تو کہتے ہیں

مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ

کہ ہم تو تمہارے ساتھ ہیں ف۴۰ ہم تو محض بنا رہے تھے ف۴۱ انہیں اللہ بنا رہا

بِهِمْ وَ يَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ

ہے ف۴۲ اور وہ انہیں ڈھیل دے رہا ہے ف۴۳ (تو) وہ اپنی سرکشی میں سرگرداں ہو رہے ہیں ف۴۴ یہ وہ

الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۪ فَمَا رَبِحَتْ

لوگ ہیں کہ انہوں نے گمراہی خرید کر لی ہدایت کے بدلے ف۴۵ سو نہ ان کی تجارت ہی

۲ : ۱۰ — منزل ۱ — ۲ : ۱۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

القرآن الکریم

تفسیر ماجدی

مع ترجمہ و تفسیر

حضرت مولانا عبدالماجد دریابادی

پاک کمپنی

القرآن = انما نحن مستھزء ون ۞ اللہ یستھزی بھم ویمدھم (سورۂ بقرہ آیت 14-15، پارہ 1)

ترجمہ: ہم تو محض بنا رہے تھے انہیں اللہ بنا رہا ہے اور انہیں ڈھیل دے رہا ہے (ترجمہ: مولوی عبدالماجد دریابادی، دیوبندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان = اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے (جیسا کہ اس کی شان کے لائق ہے) اور انہیں ڈھیل دیتا ہے۔

دیوبندی پیشوا مودودی نے اپنے ترجمۂ قرآن میں ٹھٹھا اور مذاق کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی

آل عمرٰن ۱ — ۲۳ — البقرۃ ۲

ان کے دلوں میں ایک بیماری ہے جسے اللہ نے اور زیادہ بڑھا دیا،[۵] اور جو جھوٹ وہ بولتے ہیں، اُس کی پاداش میں ان کے لیے دردناک سزا ہے۔ جب کبھی اُن سے کہا گیا کہ زمین میں فساد برپا نہ کرو، تو انھوں نے یہی کہا کہ "ہم تو اصلاح کرنے والے ہیں"۔ خبردار، حقیقت میں یہی لوگ مُفسد ہیں مگر انھیں شعور نہیں ہے۔ اور جب اُن سے کہا گیا کہ جس طرح دُوسرے لوگ ایمان لائے ہیں اُسی طرح تم بھی ایمان لاؤ، تو انھوں نے یہی جواب دیا کہ "کیا ہم بیوقوفوں کی طرح ایمان لائیں"؟ خبردار، حقیقت میں تو یہ خود بے وقوف ہیں، مگر یہ جانتے نہیں ہیں۔ جب یہ اہلِ ایمان سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے ہیں، اور جب علیحدگی میں اپنے شیطانوں سے ملتے ہیں، تو کہتے ہیں۔ کہ اصل میں تو ہم تمہارے ساتھ ہیں اور ان لوگوں سے محض مذاق کر رہے ہیں۔ اللہ ان سے مذاق کر رہا ہے، وہ ان کی رسّی دراز کیے جاتا ہے، اور یہ اپنی سرکشی میں اندھوں کی طرح بھٹکتے چلے جاتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں، جنھوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی خرید لی ہے، مگر یہ سودا ان کے لیے نفع بخش نہیں ہے اور یہ ہرگز صحیح راستے پر نہیں ہیں۔ ان کی مثال ایسی ہے جیسے ایک شخص نے آگ روشن کی اور جب اُس نے سارے ماحول کو روشن کر دیا تو اللہ نے ان کا نورِ بصارت سلب کر لیا اور انھیں اس حال میں چھوڑ دیا کہ تاریکیوں میں انھیں کچھ نظر نہیں آتا۔[۶] یہ بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں، یہ اب نہ پلٹیں گے۔ یا پھر ان کی مثال یوں سمجھو کہ

یہ ہے کہ جب انھوں نے ان بنیادی امور کو رد کر دیا جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے اور اپنے لیے قرآن کے پیش کردہ راستے کے خلاف دوسرا راستہ پسند کر لیا تو اللہ نے ان کے دلوں اور کانوں پر مہر لگا دی۔

[۵] بیماری سے مراد منافقت کی بیماری ہے اور اللہ کے اس بیماری میں اضافہ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ منافق کو اللہ فوراً سزا نہیں دے دیتا بلکہ اسے ڈھیل دیے چلا جاتا ہے اور منافق اور زیادہ منافق بنتا چلا جاتا ہے۔

[۶] مطلب یہ ہے کہ جب ایک اللہ کے بندے نے روشنی پھیلائی اور حق کو باطل سے چھانٹ کر بالکل نمایاں کر دیا، تو جو لوگ دیدۂ بینا رکھتے تھے اُن پر تو ساری حقیقتیں روشن ہو گئیں مگر یہ منافق جو نفس پرستی میں اندھے ہو رہے تھے ان کو اس روشنی میں کچھ نظر نہ آیا۔

ترجمۂ قرآن مجید

مع مختصر حواشی

سیّد ابوالاعلیٰ مودودیؒ

ادارہ ترجمان القرآن (پرائیویٹ) لمیٹڈ
اُردو بازار، لاہور

القرآن = انما نحن مستھزء ون ۝ اللہ یستھزی بھم ویمدھم (سورۂ بقرہ آیت 15-14، پارہ 1)

ترجمہ: اور ان لوگوں سے محض مذاق کر رہے ہیں۔ اللہ ان سے مذاق کر رہا ہے اور انکی رسی دراز کئے جاتا ہے (ترجمہ: مودودی، دیوبندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان = اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے (جیسا کہ اس کی شان کے لائق ہے) اور انہیں ڈھیل دیتا ہے۔

دیوبندی مولوی فتح محمد جالندھری نے اپنے ترجمہ قرآن میں ہنسی کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی ہے

الٓمّ ٥ البقرۃ ٢

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ قَالُوا إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُونَ ﴿١١﴾	اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ زمین میں فساد نہ ڈالو تو کہتے ہیں ہم تو اصلاح کرنے والے ہیں ﴿١١﴾
أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُونَ وَلَٰكِن لَّا يَشْعُرُونَ ﴿١٢﴾	دیکھو یہ بلاشبہ مفسد ہیں لیکن خبر نہیں رکھتے ﴿١٢﴾
وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ آمِنُوا كَمَا آمَنَ النَّاسُ قَالُوا أَنُؤْمِنُ كَمَا آمَنَ السُّفَهَاءُ ۗ أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَاءُ وَلَٰكِن لَّا يَعْلَمُونَ ﴿١٣﴾	اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جس طرح اور لوگ ایمان لے آئے تم بھی ایمان لے آؤ تو کہتے ہیں بھلا جس طرح بیوقوف ایمان لے آئے ہیں اسی طرح ہم بھی ایمان لے آئیں؟ سن لو کہ یہی بیوقوف ہیں لیکن نہیں جانتے ﴿١٣﴾
وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ آمَنُوا قَالُوا آمَنَّا وَإِذَا خَلَوْا إِلَىٰ شَيَاطِينِهِمْ قَالُوا إِنَّا مَعَكُمْ إِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِئُونَ ﴿١٤﴾	اور یہ لوگ جب مومنوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے ہیں اور جب اپنے شیطانوں میں جاتے ہیں تو (ان سے) کہتے ہیں کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں اور (پیروانِ محمد سے) تو ہم ہنسی کیا کرتے ہیں ﴿١٤﴾
اللَّهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ﴿١٥﴾	ان (منافقوں) سے خدا ہنسی کرتا ہے اور انہیں مہلت دیئے جاتا ہے کہ شرارت و سرکشی میں پڑے بہک رہے ہیں ﴿١٥﴾

القرآن الحکیم

مع ترجمہ فتح الحمید

تاج کمپنی لمیٹڈ

القرآن=انما نحن مستھزء ون0 اللہ یستھزی بھم ویمدھم (سورۂ بقرہ آیت 15-14، پارہ 1)

ترجمہ: ان (منافقوں) سے خدا ہنسی کرتا ہے اور انہیں مہلت دیئے جاتا ہے (ترجمہ: فتح محمد جالندھری)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہیے جوکہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان = اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے (جیسا کہ اس کی شان کے لائق ہے) اور انہیں ڈھیل دیتا ہے۔

دیو بندی مفتی محمد تقی عثمانی نے اپنے آسان ترجمۂ قرآن میں مذاق کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی ہے

البقرۃ ۲ ۳۵

وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ آمَنُوا قَالُوا آمَنَّا ۚ وَإِذَا خَلَوْا إِلَىٰ شَيَاطِينِهِمْ قَالُوا إِنَّا مَعَكُمْ إِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِئُونَ ۝ اللَّهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ فَمَا رَبِحَتْ تِجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ۝ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا فَلَمَّا أَضَاءَتْ مَا حَوْلَهُ ذَهَبَ اللَّهُ بِنُورِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِي ظُلُمَاتٍ لَا يُبْصِرُونَ ۝ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُونَ ۝

اور جب یہ اُن لوگوں سے ملتے ہیں جو ایمان لا چکے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے، اور جب یہ اپنے شیطانوں[۱۳] کے پاس تنہائی میں جاتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں، ہم تو مذاق کر رہے تھے ۝ اللہ ان سے مذاق (کا معاملہ) کرتا ہے اور انہیں ایسی ڈھیل دیتا ہے کہ وہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں[۱۴] ۝ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی خرید لی ہے، لہٰذا نہ اُن کی تجارت میں نفع ہوا، اور نہ انہیں صحیح راستہ نصیب ہوا ۝ اُن کی مثال اُس شخص کی سی ہے جس نے ایک آگ روشن کی،[۱۵] پھر جب اس (آگ نے) اس کے ماحول کو روشن کر دیا تو اللہ نے اُن کا نور سلب کر لیا اور انہیں اندھیریوں میں چھوڑ دیا کہ انہیں کچھ سجھائی نہیں دیتا ۝ وہ بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں، چنانچہ اب وہ واپس نہیں آئیں گے ۝

اڑ گئے، یہ اُن کے دل کی بیماری تھی۔ پھر اُن کی ضد کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ نے اُن کی بیماری کو اور بڑھا دیا کہ اب انہیں واقعی ایمان لانے کی توفیق نہیں ہوگی۔

(۱۳) "اپنے شیطانوں" سے مراد وہ سردار ہیں جو ان منافقین کی سازشوں میں اُن کے سربراہ اور رہنما کی حیثیت رکھتے تھے۔

(۱۴) یعنی اللہ تعالیٰ نے ان کی رسّی دراز کر رکھی ہے کہ ان کے دوغلے پن کی فوری سزا دُنیا میں انہیں نہیں مل رہی جس سے وہ سمجھ رہے ہیں کہ ہماری تدبیر کارگر ہوگئی، چنانچہ وہ اپنی اس گمراہی میں اور پختہ ہوتے جا رہے ہیں۔ آخرت میں انہیں ایک دم پکڑ لیا جائے گا۔ چونکہ اللہ تعالیٰ کا یہ عمل اُن کے "مذاق" کا نتیجہ تھا، اُسے یہاں "اللہ اُن سے مذاق کرتا ہے" کے عنوان سے تعبیر فرمایا گیا ہے۔

(۱۵) یہاں سے اُن منافقوں کی مثال دی جا رہی ہے جو اسلام کے واضح دلائل سامنے آنے کے باوجود نفاق کی گمراہی میں پھنسے رہے۔ اسلام کے واضح دلائل کو آگ کی روشنی سے تشبیہ دی گئی ہے کہ جس طرح اس روشنی سے ماحول کی چیزیں صاف نظر آنے لگتی ہیں، اسی طرح اسلام کے دلائل سے حقیقت اُن پر واضح ہوگئی، لیکن پھر ضد اور عناد کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے یہ روشنی ان سے سلب کر لی اور وہ دیکھنے کی قوت سے محروم ہو گئے۔

توضیح القرآن

آسان ترجمۂ قرآن

تشریحات کے ساتھ

سادہ ایڈیشن

از

مفتی محمد تقی عثمانی

مکتبہ معارف القرآن کراچی
(Quranic Studies Publishers)
Karachi, Pakistan.

القرآن = انما نحن مستھزء ون ○ اللہ یستھزی بھم ویمدھم (سورۂ بقرہ آیت 14-15، پارہ 1)

ترجمہ: اللہ ان سے مذاق (کا معاملہ) کرتا ہے اور انہیں ایسی ڈھیل دیتا ہے (ترجمہ: مفتی محمد تقی عثمانی، دیو بندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ کنز الایمان میں کیا۔

ترجمہ کنز الایمان = اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے (جیسا کہ اس کی شان کے لائق ہے) اور انہیں ڈھیل دیتا ہے۔

دیوبندیوں کا مشہور ''دورنگوں والا قرآن''، جس میں مترجم نے لکھا کہ اللہ مذاق کر رہا ہے

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ

قرآن حکیم

اردو ترجمہ

مرتبہ: مولانا سید شبیر احمدؒ

قرآن آسان تحریکؒ لاہور۔ پاکستان

البقرۃ ۲ — 5

وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۲﴾
وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ
اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ
اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ۭ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ
السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾
وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا
وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ
قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا
نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۴﴾
اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ
فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۵﴾
اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ
بِالْهُدٰى ۠ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ
وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۶﴾
مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ
فَلَمَّآ اَضَاۗءَتْ مَا حَوْلَهٗ
ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ
فِيْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷﴾
صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ

مگر انہیں شعور نہیں ﴿۱۲﴾
اور جب کہا جاتا ہے اُن سے کہ ایمان لاؤ جس طرح
ایمان لائے اور لوگ تو کہتے ہیں کہ کیا ایمان لائیں ہم جس طرح
ایمان لائے بیوقوف خبردار، حقیقت میں یہی لوگ ہیں
بیوقوف، لیکن جانتے نہیں ﴿۱۳﴾
اور جب ملتے ہیں اہل ایمان سے تو کہتے ہیں ایمان لائے ہم
اور جب ملتے ہیں علیحدگی میں اپنے شیطانوں سے
تو کہتے ہیں ہم تو تمہارے ہی ساتھ ہیں، اصل میں
ہم تو ان کے ساتھ محض مذاق کر رہے ہیں ﴿۱۴﴾
جبکہ اللہ مذاق کر رہا ہے اُن سے کہ مہلت دیئے جا رہا ہے انہیں
کہ وہ اپنی سرکشی میں اندھوں کی طرح بھٹک رہے ہیں ﴿۱۵﴾
یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے خریدی ہے گمراہی
بدلے میں ہدایت کے، سو نہ تو نفع دیا ان کی تجارت ہی نے
اور نہ ہوئے وہ ہدایت پانے والے ﴿۱۶﴾
ان کی مثال اس شخص کی ہے جس نے جلائی آگ (روشنی کے لیے)
پھر جب روشن کر دیا آگ نے اس کے گردو نواح کو
تو سلب کر لیا اللہ نے اُن کا نور اور چھوڑ دیا اُن کو
اندھیروں میں کہ کچھ نہیں دیکھ پاتے ﴿۱۷﴾
بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں، لہٰذا یہ (اب)

القرآن = اللہ یستھزی بھم ویمدھم (سورۂ بقرہ آیت 14-15، پارہ 1)

ترجمہ: جبکہ اللہ مذاق کر رہا ہے ان سے کہ مہلت دیئے جا رہا ہے (ترجمہ: سید شبیر احمد، دورنگوں والا قرآن)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان = اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے (جیسا کہ اس کی شان کے لائق ہے) اور انہیں ڈھیل دیتا ہے۔

مولوی امین احسن اصلاحی نے اپنے ترجمۂ قرآن میں مذاق کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی ہے

البقرۃ ۲ ۳ الم ۱

اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَ بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ مَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝۸ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ

کہ ہم اللہ اور روزِ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں حالانکہ وہ مومن نہیں ہیں۔ یہ لوگ اللہ کو

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۝۹

اور ایمان لانے والوں کو دھوکا دینا چاہتے ہیں حالانکہ یہ خود اپنے آپ ہی کو دھوکا دے رہے ہیں اور اس کا احساس نہیں کر رہے ہیں۔

فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ بِمَا كَانُوْا

ان کے دلوں میں روگ تھا تو اللہ نے ان کے روگ کو بڑھا دیا۔ اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے بوجہ اس کے کہ

يَكْذِبُوْنَ ۝۱۰ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ

وہ جھوٹ بولتے رہے ہیں۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ زمین میں فساد نہ برپا کرو تو جواب دیتے ہیں کہ ہم تو

مُصْلِحُوْنَ ۝۱۱ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝۱۲

اصلاح کرنے والے لوگ ہیں۔ آگاہ رہو کہ یہی لوگ فساد برپا کرنے والے ہیں لیکن یہ محسوس نہیں کر رہے ہیں۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ

اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اس طرح ایمان لاؤ جس طرح لوگ ایمان لائے ہیں تو کہتے ہیں: کیا ہم اس طرح ایمان لائیں جس طرح

السُّفَهَآءُ ۭ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝۱۳ وَاِذَا لَقُوا

بے وقوف لوگ ایمان لائے ہیں؟ آگاہ رہو کہ بے وقوف یہی لوگ ہیں لیکن یہ جانتے نہیں۔ اور جب ایمان والوں

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا

سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم تو ایمان لائے ہوئے ہیں اور جب اپنے شیطانوں (کی مجلس) میں پہنچتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم تو

مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ۝۱۴ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ

آپ لوگوں کے ساتھ ہیں، ہم تو ان لوگوں سے محض مذاق کرتے ہیں۔ اللہ ان سے مذاق کر رہا ہے اور ان کو ان کی سرکشی میں

منزل ۱

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ

قرآنِ مجید

ترجمہ

مولانا امین احسن اصلاحی

فاران فاؤنڈیشن

القرآن = انما نحن مستهزء ون٥ الله يستهزی بهم ويمدهم (سورۂ بقرہ آیت 15-14، پارہ 1)

ترجمہ: اللہ ان سے مذاق کر رہا ہے اور ان کو ان کی سرکشی میں (ترجمہ: امین احسن اصلاحی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان = اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے (جیسا کہ اس کی شان کے لائق ہے) اور انہیں ڈھیل دیتا ہے۔

سعودی ترجمہ میں مترجم نے ٹھٹھا اور مذاق کی نسبت رب تعالیٰ کی طرف کی

یہ قرآن شریف مع ترجمہ و تفسیر خادم حرمین شریفین
شاہ فہد بن عبد العزیز آل سعود کی طرف سے ہدیہ ہے

قرآن کریم
مع اردو ترجمہ وتفسیر

شاہ فہد قرآن کریم پرنٹنگ کمپلیکس

وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ۝

یقیناً یہی بیوقوف ہیں لیکن جانتے نہیں۔[1] (۱۳)
اور جب ایمان والوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم بھی ایمان والے ہیں اور جب اپنے بڑوں کے پاس جاتے ہیں[2] تو کہتے ہیں کہ ہم تو تمہارے ساتھ ہیں ہم تو ان سے صرف مذاق کرتے ہیں۔ (۱۴)

اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِىْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝

اللہ تعالیٰ بھی ان سے مذاق کرتا ہے[3] اور انہیں ان کی سرکشی اور بہکاوے میں اور بڑھا دیتا ہے۔ (۱۵)

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۠ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ۝

یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے گمراہی کو ہدایت کے بدلے میں خرید لیا، پس نہ تو ان کی تجارت[4] نے ان کو فائدہ پہنچایا اور نہ یہ ہدایت والے ہوئے۔ (۱۶)

مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِى اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَاۗءَتْ مَا حَوْلَهٗ

ان کی مثال اس شخص کی سی ہے جس نے آگ جلائی،

(۱) ظاہر بات ہے کہ نفع عاجل (فوری فائدے) کے لیے نفع آجل (دیر سے ملنے والے فائدے) کو نظرانداز کر دینا اور آخرت کی پائیدار اور دائمی زندگی کے مقابلے میں دنیا کی فانی زندگی کو ترجیح دینا اور اللہ کی بجائے لوگوں سے ڈرنا پرلے درجے کی سفاہت ہے، جس کا ارتکاب ان منافقین نے کیا۔ یوں ایک مسلمہ حقیقت سے بے علم رہے۔

(۲) شیاطین سے مراد سرداران قریش و یہود ہیں جن کے ایما پر وہ اسلام اور مسلمانوں کے خلاف سازشیں کرتے تھے، یا منافقین کے اپنے سردار۔

(۳) "اللہ تعالیٰ بھی ان سے مذاق کرتا ہے" کا ایک مطلب تو یہ ہے کہ وہ جس طرح مسلمانوں کے ساتھ استہزاء و استخفاف کا معاملہ کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ بھی ان سے ایسا ہی معاملہ کرتے ہوئے انہیں ذلت و ادبار میں مبتلا کرتا ہے۔ اس کو استہزاء سے تعبیر کرنا، زبان کا اسلوب ہے، ورنہ حقیقتاً یہ استہزاء نہیں ہے، ان کے فعل استہزاء کی سزا ہے جیسے ﴿ وَجَزٰۗؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ﴾ (الشوری) "برائی کا بدلہ، اسی کی مثل برائی ہے" میں برائی کے بدلے کو برائی کہا گیا ہے حالانکہ وہ برائی نہیں ہے ایک جائز فعل ہے۔ اسی طرح ﴿ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ﴾ ﴿ وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ﴾ وغیرہ آیات میں ہے۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ قیامت والے دن اللہ تعالیٰ بھی ان سے استہزاء فرمائے گا۔ جیسا کہ سورۂ حدید کی آیت ﴿ يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ ﴾ الآیۃ میں وضاحت ہے۔

(۴) تجارت سے مراد ہدایت چھوڑ کر گمراہی اختیار کرنا ہے، جو سراسر گھاٹے کا سودا ہے۔ منافقین نے نفاق کا جامہ پہن کر یہی گھاٹے والی تجارت کی۔ لیکن یہ گھاٹا آخرت کا گھاٹا ہے، ضروری نہیں کہ دنیا میں ہی اس گھاٹے کا انہیں علم ہو جائے۔ بلکہ دنیا میں تو اس نفاق کے ذریعے سے انہیں جو فوری فائدے حاصل ہوتے تھے، اس پر وہ بڑے خوش ہوتے اور اس کی بنیاد پر اپنے آپ کو بہت دانا اور مسلمانوں کو عقل و فہم سے عاری سمجھتے تھے۔

القرآن = اللہ یستھزی بھم ویمدھم فی طغیانھم یعمھون (سورۂ بقرہ آیت 15، پارہ 1)

ترجمہ: اللہ بھی ان سے مذاق کرتا ہے اور انہیں ان کی سرکشی اور بہکاوے میں اور بڑھا دیتا ہے۔ (ترجمہ: سعودی عرب)

یہ ترجمہ صحیح نہیں ہے، صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ کنز الایمان میں کیا۔

ترجمہ کنز الایمان = اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے (جیسا کہ اس کی شان کے لائق ہے) اور انہیں ڈھیل دیتا ہے۔

اہلحدیث مولوی نے اپنے ترجمۂ قرآن میں ٹھٹھا اور مذاق کی نسبت رب تعالیٰ کی طرف کی

البقرۃ ۲ — ۲۳ — الٓمّٓ ۱

اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝

اللہ ان کا مذاق اڑاتا ہے اور انھیں ڈھیل دے رہا ہے، اپنی سرکشی ہی میں حیران پھرتے ہیں۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۪ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ۝

یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی خرید لی، تو نہ ان کی تجارت نے نفع دیا اور نہ وہ ہدایت پانے والے بنے۔

مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِيْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ۝

ان کی مثال اس شخص کی مثال کی سی ہے جس نے ایک آگ خوب بھڑکائی، تو جب اس نے اس کے ارد گرد کی چیزوں کو روشن کر دیا تو اللہ ان کے نور کو لے گیا اور انھیں کئی طرح کے اندھیروں میں چھوڑ دیا کہ وہ نہیں دیکھتے۔

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۝

بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں، پس وہ نہیں لوٹتے۔

اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ۚ يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ۭ وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝

یا جیسے آسمان سے اترنے والی بارش، جس میں کئی اندھیرے ہیں اور گرج اور چمک ہے، وہ کڑکنے والی بجلیوں کی وجہ سے موت کے ڈر سے اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں ڈال لیتے ہیں اور اللہ کافروں کو گھیرنے والا ہے۔

يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ۭ كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

بجلی قریب ہے کہ ان کی نگاہیں اچک کر لے جائے، جب کبھی وہ ان کے لیے روشنی کرتی ہے اس میں چل پڑتے ہیں اور جب ان پر اندھیرا کر دیتی ہے کھڑے ہو جاتے ہیں اور اگر اللہ چاہتا تو ضرور ان کی سماعت اور ان کی نگاہیں لے جاتا، بے شک اللہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝

اے لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو جس نے تمھیں پیدا کیا اور ان لوگوں کو بھی جو تم سے پہلے تھے، تاکہ تم بچ جاؤ۔

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً ۠ وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝

جس نے تمھارے لیے زمین کو ایک بچھونا اور آسمان کو ایک چھت بنایا اور آسمان سے کچھ پانی اتارا، پھر اس کے ساتھ کئی طرح کے پھل تمھاری روزی کے لیے پیدا کیے، پس اللہ کے لیے کسی قسم کے شریک نہ بناؤ، جب کہ تم جانتے ہو۔

وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰي عَبْدِنَا فَاْتُوْا

اور اگر تم اس کے بارے میں کسی شک میں ہو جو ہم نے اپنے

القرآن = اللہ یستھزی بھم ویمدھم فی طغیانھم یعمھون (سورۂ بقرہ آیت 15، پارہ 1)

ترجمہ: اللہ انکا مذاق اڑاتا ہے اور انہیں ڈھیل دے رہا ہے اپنی سرکشی ہی میں حیران پھرتے ہیں (ترجمہ: حافظ عبدالسلام بن محمد، اہلحدیث)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ کنز الایمان میں کیا۔

ترجمہ کنز الایمان = اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے (جیسا کہ اس کی شان کے لائق ہے) اور انہیں ڈھیل دیتا ہے۔

اہلحدیث مولوی نے اپنے ترجمۂ قرآن میں ہنسی اور ٹھٹھا کی نسبت رب تعالیٰ کی طرف کی

لَا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ۝

آسان اردو ترجمہ کے ساتھ

اَلْقُرْاٰنُ الْكَرِيْم

مترجم
مرزا حیرت دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر
ادارہ: اشاعۃ القرآن والحدیث
پاکستان

الٓمّٓ ۱ — ۵ — البقرۃ ۲

مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۝۱۰

بڑھا دیا اور اس سبب سے (کہ وہ) جھوٹ بولتے تھے ان کے لئے تکلیف دہ عذاب ہے ۱۰☆

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا

اور جب ان سے کہئے (کہ) تم زمین میں فساد مت ڈالو (تو) کہتے ہیں ہم تو

نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۝۱۱ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ

اصلاح ہی کرتے ہیں ۱۱☆ خبردار رہو (کہ) بے شک وہی ہیں جو فساد ڈالتے ہیں ولیکن

لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝۱۲ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ

سمجھتے نہیں ۱۲☆ اور جب ان سے کہئے (کہ) ایمان لاؤ جیسا (کہ اور) لوگ ایمان لائے ہیں

قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ۭ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ

(تو کہتے) ہیں کیا ہم (اس طرح) ایمان لائیں جیسا بیوقوف ایمان لائے ہیں خبردار رہو (کہ) بے

السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝۱۳ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ

شک وہی بے وقوف ہیں مگر جانتے نہیں ۱۳☆ اور جب ان لوگوں سے ملتے ہیں جو

اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا

ایمان لا چکے ہیں (تو) کہتے ہیں ہم ایمان لائے اور جب اپنے سرداروں کے ساتھ اکیلے ہوتے ہیں

اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ۝۱۴ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ

(تو) کہتے ہیں بے شک ہم تمہارے ساتھ ہیں ہم (تو ان کی) ہنسی ہی کو آتے ہیں ۱۴☆ اللہ ہنسی اڑاتا

الٓمّٓ ۱ — ۶ — البقرۃ ۲

بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِىْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝۱۵ اُولٰٓئِكَ

ہے ان کی اور مہلت دے رکھی ہے انہیں (کہ) اپنے کفر میں غلطاں و پیچاں رہیں ۱۵☆ یہی وہ لوگ

القرآن = انما نحن مستهزء ون ○ الله يستهزئ بهم ويمدهم فى طغيانهم يعمهون (سورۂ بقرہ آیت 14-15، پارہ 1)

ترجمہ: بے شک ہم تمہارے ساتھ ہیں ہم (تو ان کی) ہنسی ہی کو آتے ہیں اللہ ہنسی اڑاتا ہے ان کی اور مہلت دے رکھی ہے۔ (ترجمہ: مرزا حیرت دہلوی، اہلحدیث)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہیے جو کہ ترجمہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے اپنے ترجمۂ قرآن کنز الایمان میں کیا۔

ترجمہ کنز الایمان = وہ اپنا سا مکر کرتے تھے اور اللہ اپنی خفیہ تدبیر فرماتا تھا اور اللہ کی تدبیر سب سے بہتر ہے۔

شیعہ مولوی فرمان علی نے اپنے ترجمۂ قرآن میں بے وقوف بنانے کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی ہے

الٓمّٓ ١ — 5 — البقرة ٢

لَا يَشْعُرُونَ ۝ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ آمِنُوا كَمَا آمَنَ النَّاسُ

سمجھتے نہیں۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جس طرح اور لوگ ایمان لائے ہیں تم بھی

قَالُوا أَنُؤْمِنُ كَمَا آمَنَ السُّفَهَاءُ ۗ أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ

ایمان لاؤ تو کہتے ہیں کیا ہم بھی اسی طرح ایمان لائیں جس طرح اور بیوقوف ایمان لائے۔ خبردار ہو جاؤ

السُّفَهَاءُ وَلَٰكِن لَّا يَعْلَمُونَ ۝ وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ

یہی لوگ بے وقوف ہیں لیکن نہیں جانتے۔ اور جب اُن لوگوں سے ملتے ہیں جو ایمان

آمَنُوا قَالُوا آمَنَّا وَإِذَا خَلَوْا إِلَىٰ شَيَاطِينِهِمْ قَالُوا

لا چکے تو کہتے ہیں ہم تو ایمان لا چکے اور جب اپنے شیطانوں کے ساتھ تخلیہ کرتے ہیں تو کہتے

إِنَّا مَعَكُمْ إِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِئُونَ ۝ اللَّهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ

ہیں ہم تمہارے ساتھ ہیں ہم تو مسلمانوں کو بیوقوف بناتے ہیں۔ (وہ کیا بنائیں گے) خدا اُن کو بناتا ہے

وَيَمُدُّهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ

اور اُن کو ڈھیل دیتا ہے کہ وہ اپنی سرکشی میں غلطاں پیچاں رہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے

اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ فَمَا رَبِحَت تِّجَارَتُهُمْ

ہدایت کے بدلے گمراہی خرید کی پھر نہ اُن کی تجارت ہی نے کچھ نفع دیا اور

وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ۝ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي

نہ اُن لوگوں نے ہدایت پائی۔ اُن لوگوں کی مثل (تو) اس شخص کی سی مثل ہے

اسْتَوْقَدَ نَارًا فَلَمَّا أَضَاءَتْ مَا حَوْلَهُ ذَهَبَ اللَّهُ

جس نے (رات کے وقت مجمع میں) بھڑکتی ہوئی آگ روشن کی پھر جب آگ (کے شعلے) نے اس کے گرد و پیش

بِنُورِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِي ظُلُمَاتٍ لَّا يُبْصِرُونَ ۝ صُمٌّ

خوب اُجالا کر دیا تو خدا نے اُن کی روشنی لے لی اور اُن کو گھٹا ٹوپ اندھیرے میں چھوڑ دیا کہ اب انہیں کچھ سجھائی

بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُونَ ۝ أَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ

نہیں دیتا۔ یہ لوگ بہرے گونگے اندھے ہیں کہ پھر اپنی گمراہی سے باز نہیں آ سکتے۔ یا اُن کی مثل ایسی ہے جیسے

منزل ١

بسم اللہ الرحمن الرحیم

القرآن الحکیم

ترجمہ و تفسیر از

مولانا حافظ سید فرمان علی اعلی اللہ مقامہ

ناشران: عمران کمپنی لاہور

القرآن = انما نحن مستهزء ون ۝ اللہ یستهزی بهم ویمدهم (سورۂ بقرہ آیت 15، پارہ 1)

ترجمہ: (وہ کیا بنائیں گے) خدا ان کو بناتا ہے اور ان کو ڈھیل دیتا ہے (ترجمہ: فرمان علی، شیعہ)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنز الایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان = اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے (جیسا کہ اس کی شان کے لائق ہے) اور انہیں ڈھیل دیتا ہے۔

شیعہ مولوی محسن علی نجفی نے اپنے ترجمہ قرآن میں تمسخر (مسخری) کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ

القرآن الکریم

بلاغ القرآن

ترجمہ و حواشی

حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ محسن علی نجفی مدظلہ العالی

ناشر مصباح القرآن ٹرسٹ (لاہور)

وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۝ فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۝ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ۝ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِىْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ۝

اپنی ذات کو ہی دھوکہ دے رہے ہوتے ہیں لیکن وہ اس بات کا شعور نہیں رکھتے۔
۱۰۔ ان کے دلوں میں بیماری ہے، پس اللہ نے ان کی بیماری اور بڑھا دی اور ان کے لیے دردناک عذاب اس وجہ سے ہے کہ وہ جھوٹ بولا کرتے تھے۔
۱۱۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ زمین میں فساد برپا نہ کرو تو کہتے ہیں: ہم تو بس اصلاح کرنے والے ہیں۔
۱۲۔ یاد رہے! فسادی تو یہی لوگ ہیں، لیکن وہ اس کا شعور نہیں رکھتے۔
۱۳۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ دیگر لوگوں کی طرح تم بھی ایمان لے آؤ تو وہ کہتے ہیں: کیا ہم (بھی ان) بیوقوفوں کی طرح ایمان لے آئیں؟ یاد رہے! بیوقوف تو خود یہی لوگ ہیں لیکن یہ اس کا (بھی) علم نہیں رکھتے۔
۱۴۔ اور جب وہ ایمان والوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم ایمان لے آئے ہیں اور جب اپنے شیطانوں کے ساتھ خلوے میں ہوتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم تو تمہارے ساتھ ہیں، (ان مسلمانوں کا تو) ہم صرف مذاق اڑاتے ہیں۔
۱۵۔ اللہ بھی ان کے ساتھ تمسخر کرتا ہے اور انہیں ڈھیل دیتا ہے کہ یہ اپنی سرکشی میں سرگرداں رہیں گے۔☆
۱۶۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے میں گمراہی خرید لی ہے، چنانچہ نہ تو ان کی تجارت سودمند رہی اور نہ ہی انہیں ہدایت حاصل ہوئی۔☆

القرآن = انما نحن مستهزء ون o الله يستهزی بهم ويمدهم (سورۂ بقرہ آیت 15-14، پارہ 1)

ترجمہ: اللہ بھی ان کے ساتھ تمسخر کرتا ہے اور انہیں ڈھیل دیتا ہے (ترجمہ: محسن علی نجفی، شیعہ)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان = اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے (جیسا کہ اس کی شان کے لائق ہے) اور انہیں ڈھیل دیتا ہے۔

امام اہلسنت مولانا احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ کا ایمان افروز ترجمہ: "اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے (جیسا کی اس کی شان کے لائق ہے) اور انہیں ڈھیل دیتا ہے کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں"

الٓمّٓ ۱ — ۵ — البقرۃ ۲

وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ
اور جب ایمان والوں سے ملیں تو کہیں ہم ایمان لائے اور جب اپنے شیطانوں کے پاس اکیلے ہوں

قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ
تو کہیں ہم تمہارے ساتھ ہیں، ہم تو یونہی ہنسی کرتے ہیں اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے (جیسا اس کی

بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِىْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ
شان کے لائق ہے) اور انہیں ڈھیل دیتا ہے کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے

اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۪ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا
ہدایت کے بدلے گمراہی خریدی تو ان کا سودا کچھ نفع نہ لایا اور وہ سودے کی راہ

مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۶﴾ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِى اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ
جانتے ہی نہ تھے ان کی کہاوت اس کی طرح ہے جس نے آگ روشن کی تو جب

اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِىْ ظُلُمٰتٍ
اس سے آس پاس سب جگمگا اٹھا اللہ ان کا نور لے گیا اور انہیں اندھیریوں میں چھوڑ دیا

لَّا يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷﴾ صُمٌّ ۢ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۸﴾ اَوْ كَصَيِّبٍ
کہ کچھ نہیں سوجھتا بہرے گونگے اندھے تو وہ پھر آنے والے نہیں یا جیسے آسمان سے

مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ۚ يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ
اترتا پانی کہ اس میں اندھیریاں ہیں اور گرج اور چمک اپنے کانوں میں انگلیاں ٹھونس

فِىْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ۭ وَاللّٰهُ مُحِيْطٌ
رہے ہیں کڑک کے سبب موت کے ڈر سے اور اللہ کافروں کو

بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹﴾ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ۭ كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ
گھیرے ہوئے ہے بجلی یوں معلوم ہوتی ہے کہ ان کی نگاہیں اچک لے جائے گی جب کچھ چمک ہوئی

مَّشَوْا فِيْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ
اس میں چلنے لگے اور جب اندھیرا ہوا کھڑے رہ گئے اور اللہ چاہتا تو ان کے کان اور

بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۰﴾ يٰٓاَيُّهَا
آنکھیں لے جاتا بیشک اللہ سب کچھ کر سکتا ہے اے لوگو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

کنز الایمان

ترجمۃ القرآن

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور۔ کراچی۔ پاکستان

القرآن = اللہ یستھزی بھم ویمدھم فی طغیانھم یعمھون (سورۃ بقرہ آیت 15، پارہ 1)

ترجمہ کنز الایمان = اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے (جیسا کہ اس کی شان کے لائق ہے) اور انہیں ڈھیل دیتا ہے کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں

اہلسنت کے ممتاز عالم دین محدث اعظم ہند سید محمد کچھوچھوی علیہ الرحمہ کا ایمان افروز ترجمہ:

”بس ہم تو ہنسی مذاق کرنے والے ہیں اللہ خود ذلیل کرتا ہے انہیں اور ڈھیل دیتا ہے“

البقرۃ ۲ — ۵ — الٓمّٓ ۱

اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰی شَیٰطِیْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ
ایمان لاچکے اور جب اکیلے ہوئے اپنے شیطانوں کے پاس کہنے لگے کہ بے شک ہم تمہارے ساتھ ہیں
مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَللّٰهُ یَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَیَمُدُّهُمْ فِیْ طُغْیَانِهِمْ
بس ہم تو ہنسی مذاق کرنے والے ہیں اللہ خود ذلیل کرتا ہے انھیں اور ڈھیل دیتا ہے انھیں کہ اپنی سرکشی میں
یَعْمَهُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰی ۪ فَمَا
بھٹکتے رہیں یہ وہ ہیں جنھوں نے خریدا گمراہی کو ہدایت کے بدلے تو
رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِیْنَ ﴿۱۶﴾ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِی
نہ فائدہ دیا اُن کی تجارت نے اور نہ تھے وہ اس راہ سے آگاہ اُن کی مثال جیسے اُس کی مثال جس نے
اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ
روشن کی آگ تو جب خوب روشن کردیا اُس کے سب گردوپیش کو چھین لیا اللہ نے اُن کی روشنی کو اور چھوڑ دیا
فِیْ ظُلُمٰتٍ لَّا یُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷﴾ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ﴿۱۸﴾
انھیں اندھیریوں میں کہ انھیں کچھ نہ سوجھے بہرے گونگے اندھے تو وہ نہیں ہیں باز آنے والے یا
اَوْ كَصَیِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِیْهِ ظُلُمٰتٌ وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ۚ یَجْعَلُوْنَ
جیسے بارش ہو آسمان سے جس میں تاریکیاں ہیں اور کڑک ہے اور چمک ہے ٹھونسے لیتے ہیں
اَصَابِعَهُمْ فِیْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ؕ وَاللّٰهُ
اپنی انگلیوں کو اپنے کانوں میں کڑکے سے موت سے بچنے کو اور اللہ
مُحِیْطٌۢ بِالْكٰفِرِیْنَ ﴿۱۹﴾ یَكَادُ الْبَرْقُ یَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ؕ كُلَّمَآ
گھیرے میں لیے ہوئے ہے کافروں کو بجلی چھینے لیتی ہے ان کی آنکھوں کو جب تیز روشنی
اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِیْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَیْهِمْ قَامُوْا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ
ڈالی اُن کے لیے چل پڑے اُس میں اور جب اندھیرا ڈالا اُن پر کھڑے رہ گئے اور اگر چاہتا اللہ
لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ
یقیناً چھین لیتا اُن کی سماعت اور اُن کی آنکھیں بے شک اللہ ہر چاہے پر
قَدِیْرٌ ﴿۲۰﴾ یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِیْنَ
قدرت والا ہے اے لوگو پوجو اپنے پروردگار کو جس نے پیدا فرمایا تمہیں اور انھیں

ع ۲

منزل ۱

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ

قرآن مجید مترجمہ
جس وقت پکارا اُس نے اپنے رب کو کہ مجھ پر پڑی ہے تکلیف اور تو ہے سب رحم والوں سے رحم والا

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّآتَيْنٰهُ أَهْلَهٗ وَ
پھر ہم نے سن لی اُسکی فریاد سو دور کر دی جو اُس پر تھی تکلیف اور عطا کئے اسکو اُسکے گھر والے اور

مِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ۝ وَ
اُتنے ہی اور اُن کے ساتھ ف رحمت اپنی طرف سے اور نصیحت بندگی کرنے والوں کو ف اور

إِسْمٰعِيْلَ وَإِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ۖ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ وَ
اسمٰعیل اور ادریس اور ذوالکفل کو یہ سب ہیں صبر والے ف اور

أَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ۖ إِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَذَا النُّوْنِ
لے لیا ہم نے اُن کو اپنی رحمت میں وہ ہیں نیک بختوں میں اور مچھلی والے کو

إِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ أَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي
جب چلا گیا غصہ ہو کر پھر سمجھا کہ ہم نہ پکڑ سکیں گے اُس کو ف پھر پکارا اُن

الظُّلُمٰتِ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ إِنِّيْ كُنْتُ مِنَ
اندھیروں میں ف کہ کوئی حاکم نہیں سوائے تیرے تو بے عیب ہے میں تھا گنہگاروں

الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۚ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي
سے ف پھر سن لی ہم نے اُسکی فریاد اور بچا دیا اُس کو اُس گھٹنے سے، اور یوں ہی ہم بچا دیتے ہیں

منزل ۴

القرآن الحکیم
ترجمہ شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن صاحب
تفسیر حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی
تاج کمپنی لمیٹڈ لاہور کراچی

القرآن: وذا النون اذ ذھب مغاضباً فظن ان لن نقدر علیه (سورۂ انبیاء، آیت 87، پارہ 17)

ترجمہ: اور مچھلی والے کو جب چلا گیا غصہ ہو کر پھر سمجھا کہ ہم نہ پکڑ سکیں گے اس کو (ترجمہ: محمود الحسن دیوبندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنز الایمان میں کیا۔

ترجمہ کنز الایمان: اور ذوالنون کو (یاد کرو) جب چلا غصہ میں بھرا تو گمان کیا کہ اس پر تنگی نہ کریں گے

(ترجمہ: امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ)

دیوبندی مولوی فتح محمد جالندھری نے اپنے ترجمۂ قرآن میں حضرت یونس علیہ السلام کی بابت لکھا کہ وہ سمجھے کہ رب تعالیٰ ان پر قابو نہ پاسکے گا (معاذ اللہ)

۴۴۸

وَذَا النُّونِ إِذ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ أَن لَّن نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادَىٰ فِي الظُّلُمَاتِ أَن لَّا إِلَٰهَ إِلَّا أَنتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنتُ مِنَ الظَّالِمِينَ ﴿۸۷﴾
اور ذوالنون (کو یاد کرو) جب وہ (اپنی قوم سے ناراض ہو کر) غصے کی حالت میں چل دیئے اور خیال کیا کہ ہم ان پر قابو نہیں پاسکیں گے آخر اندھیرے میں (خدا کو) پکارنے لگے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے (اور) بیشک میں قصوروار ہوں ﴿۸۷﴾

فَاسْتَجَبْنَا لَهُ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ ۚ وَكَذَٰلِكَ نُنجِي الْمُؤْمِنِينَ ﴿۸۸﴾
تو ہم نے ان کی دعا قبول کر لی اور ان کو غم سے نجات بخشی۔ اور ایمان والوں کو ہم اسی طرح نجات دیا کرتے ہیں ﴿۸۸﴾

وَزَكَرِيَّا إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَأَنتَ خَيْرُ الْوَارِثِينَ ﴿۸۹﴾
اور زکریا (کو یاد کرو) جب انہوں نے اپنے پروردگار کو پکارا کہ پروردگار! مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو سب سے بہتر وارث ہے ﴿۸۹﴾

فَاسْتَجَبْنَا لَهُ وَوَهَبْنَا لَهُ يَحْيَىٰ وَأَصْلَحْنَا لَهُ زَوْجَهُ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا يُسَارِعُونَ فِي الْخَيْرَاتِ وَيَدْعُونَنَا رَغَبًا وَرَهَبًا ۖ وَكَانُوا لَنَا خَاشِعِينَ ﴿۹۰﴾
تو ہم نے ان کی پکار سن لی اور ان کو یحییٰ بخشے اور ان کی بیوی کو اولاد کے قابل بنا دیا۔ یہ لوگ لپک لپک کر نیکیاں کرتے اور ہمیں امید اور خوف سے پکارتے اور ہمارے آگے عاجزی کیا کرتے تھے ﴿۹۰﴾

وَالَّتِي أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيهَا مِن رُّوحِنَا وَجَعَلْنَاهَا وَابْنَهَا آيَةً لِّلْعَالَمِينَ ﴿۹۱﴾
اور ان (مریم) کو (بھی یاد کرو) جنہوں نے اپنی عفت کو محفوظ رکھا تو ہم نے ان میں اپنی روح پھونک دی اور ان کو اور ان کے بیٹے کو اہل عالم کے لئے نشانی بنا دیا ﴿۹۱﴾

إِنَّ هَٰذِهِ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَأَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُونِ ﴿۹۲﴾
یہ تمہاری جماعت ایک ہی جماعت ہے اور میں تمہارا پروردگار ہوں تو میری ہی عبادت کیا کرو ﴿۹۲﴾

وَتَقَطَّعُوا أَمْرَهُم بَيْنَهُمْ ۖ كُلٌّ إِلَيْنَا رَاجِعُونَ ﴿۹۳﴾
اور یہ لوگ اپنے معاملے میں باہم متفرق ہو گئے۔ (مگر) سب ہماری طرف رجوع کرنے والے ہیں ﴿۹۳﴾

فَمَن يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهِ وَإِنَّا لَهُ كَاتِبُونَ ﴿۹۴﴾
جو نیک کام کرے گا اور مومن بھی ہوگا تو اس کی کوشش رائیگاں نہ جائے گی۔ اور ہم اس کے لئے (ثواب اعمال) لکھ رہے ہیں ﴿۹۴﴾

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ

القرآن الحکیم
مع ترجمہ
فتح الحمید

تاج کمپنی لمیٹڈ
ناشران قرآن مجید
لاہور۔ کراچی

القرآن: وذا النون اذ ذهب مغاضباً فظن ان لن نقدر عليه (سورۂ انبیاء، آیت 87، پارہ 17)

ترجمہ: اور ذوالنون (کو یاد کرو) جب وہ (اپنی قوم سے ناراض ہوکر) غصے کی حالت میں چل دیئے اور خیال کیا کہ ہم ان پر قابو نہ پاسکیں گے۔
(ترجمہ: فتح محمد جالندھری، دیوبندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: اور ذوالنون کو (یاد کرو) جب چلا غصہ میں بھرا تو گمان کیا کہ اس پر تنگی نہ کریں گے۔

اہلحدیث مولوی مرزا حیرت دہلوی نے اپنے ترجمہ قرآن میں حضرت یونس علیہ السلام کی بابت لکھا کہ وہ سمجھے کہ رب تعالیٰ ان پر قابو نہ پائے گا (معاذ اللہ)

اقترب للناس ۱۷ — ۲۰ ۷ — الانبیاء ۲۱

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ

پس ہم نے ان کی دعا قبول کر لی اور جو مصیبت ان پر تھی دور کر دی اور ہم نے

اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا

ان کے اہل (وعیال) اور اسی قدر ان کیساتھ (اور بھی) اپنی مہربانی سے اور لوگوں کی

وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ۝ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ

نصیحت کے لئے عنایت کئے ۸۴ ☆ اور اسماعیل اور ادریس اور ذوالکفل (کو یاد کرو)

وَذَا الْكِفْلِ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ وَاَدْخَلْنٰهُمْ

(یہ) سب صبر کرنے والوں میں سے ہے ۸۵ ☆ اور ہم نے انھیں اپنی رحمت میں

فِيْ رَحْمَتِنَا اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَذَا النُّوْنِ

داخل کیا تھا بے شک وہ نیکو کاروں میں سے ہیں ۸۶ ☆ اور ذوالنون (یعنی یونس) کو (یاد کرو)

اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ

جب وہ (اپنی قوم پر) غصہ ہو کر چلے گئے اور انھوں نے یہ خیال کیا کہ ہم ان پر قابو نہ پائیں

فَنَادٰى فِى الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ

گے (پس ہم نے مچھلی کے پیٹ میں پہنچا دیا) پھر انھوں نے اندھیروں میں (ہمیں) پکارا

اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ

کہ سوا تیرے کوئی معبود نہیں تو پاک ہے بے شک میں ظالموں میں سے ہوں ۸۷ ☆ پس ہم نے ان کی

منزل ۴

لَا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ۝

آسان اردو ترجمہ کے ساتھ

اَلْقُرْاٰنُ الْكَرِيْم

مترجم
مرزا حیرت دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر
ادارہ: اشاعت القرآن والحدیث
پاکستان

القرآن: وذا النون اذ ذھب مغاضباً فظن ان لن نقدر علیہ (سورۂ انبیاء، آیت 87، پارہ 17)

ترجمہ: اور ذوالنون (یعنی یونس) کو (یاد کرو) جب وہ (اپنی قوم پر) غصہ ہو کر چلے گئے اور انہوں نے یہ خیال کیا کہ ہم ان پر قابو نہ پائینگے (ترجمہ: مرزا حیرت دہلوی، اہلحدیث)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہیے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمہ قرآن کنز الایمان میں کیا۔

ترجمہ کنز الایمان: اور ذوالنون کو (یاد کرو) جب چلا غصہ میں بھرا تو گمان کیا کہ اس پر تنگی نہ کریں گے۔

سعودی ترجمہ میں حضرت یونس علیہ السلام کی بابت لکھا کہ وہ سمجھے کہ رب تعالیٰ ان کو پکڑ نہ سکے گا (معاذ اللہ)

یہ قرآن شریف مع ترجمہ و تفسیر خادم حرمین شریفین شاہ فہد بن عبد العزیز آل سعود کی طرف سے ہدیہ ہے

قرآن کریم
مع اردو ترجمہ و تفسیر

شاہ فہد قرآن کریم پرنٹنگ کمپلیکس

اقترب ١٧ — ٩٠٤ — الانبیاء ٢١

فَنَادٰی فِی الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿٨٧﴾

وہ غصہ سے چل دیا اور خیال کیا کہ ہم اسے نہ پکڑ سکیں گے۔ بالآخر وہ اندھیروں[1] کے اندر سے پکار اٹھا کہ الٰہی تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے، بیشک میں ظالموں میں ہو گیا۔ (٨٧)

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُـْۨجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿٨٨﴾

تو ہم نے اس کی پکار سن لی اور اسے غم سے نجات دے دی اور ہم ایمان والوں کو اسی طرح بچا لیا کرتے ہیں۔[2] (٨٨)

وَزَكَرِیَّآ اِذْ نَادٰی رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ﴿٨٩﴾

اور زکریا (علیہ السلام) کو یاد کرو جب اس نے اپنے رب سے دعا کی کہ اے میرے پروردگار! مجھے تنہا نہ چھوڑ تو سب سے بہتر وارث ہے۔ (٨٩)

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَوَهَبْنَا لَهٗ یَحْیٰی وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ اِنَّهُمْ كَانُوْا یُسٰرِعُوْنَ فِی الْخَیْرٰتِ وَیَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِیْنَ ﴿٩٠﴾

ہم نے اس کی دعا کو قبول فرما کر اسے یحییٰ (علیہ السلام) عطا فرمایا[3] اور ان کی بیوی کو ان کے لیے درست کر دیا۔[4] یہ بزرگ لوگ نیک کاموں کی طرف جلدی کرتے تھے اور ہمیں لالچ طمع اور ڈر خوف سے پکارتے تھے۔ اور ہمارے سامنے عاجزی کرنے والے تھے۔[5] (٩٠)

کر اللہ کے حکم کے بغیر ہی وہاں سے چل دیئے تھے، جس پر اللہ نے ان کی گرفت فرمائی اور انہیں مچھلی کا لقمہ بنا دیا۔ اس کی کچھ تفصیل سورۂ یونس میں گزر چکی ہے اور کچھ سورۂ صافات میں آئے گی۔

(١) ظُلُمٰتٌ، ظُلْمَةٌ کی جمع ہے، بمعنی اندھیرا۔ حضرت یونس علیہ السلام متعدد اندھیروں میں گھر گئے۔ رات کا اندھیرا، سمندر کا اندھیرا اور مچھلی کے پیٹ کا اندھیرا۔

(٢) ہم نے یونس علیہ السلام کی دعا قبول کی اور اسے اندھیروں سے اور مچھلی کے پیٹ سے نجات دی اور جو بھی مومن ہمیں اس طرح شدائد اور مصیبتوں میں پکارے گا، ہم اسے نجات دیں گے۔ حدیث میں بھی آتا ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس مسلمان نے بھی اس دعا کے ساتھ کسی معاملے کے لیے دعا مانگی تو اللہ نے اسے قبول فرمایا ہے۔" (جامع ترمذی، نمبر ۳۵۰۵، وصححه الألباني)

(٣) حضرت زکریا علیہ السلام کا بڑھاپے میں اولاد کے لیے دعا کرنا اور اللہ کی طرف سے اس کا عطا کیا جانا، اس کی ضروری تفصیل سورۂ آل عمران اور سورۂ طٰہٰ میں گزر چکی ہے۔ یہاں بھی اس کی طرف اشارہ ان الفاظ میں کیا ہے۔

(٤) یعنی وہ بانجھ اور ناقابل ولادت تھی، ہم نے اس سے اس نقص کو دور فرما کر اسے نیک بچہ عطا فرمایا۔

(٥) گویا قبولیت دعا کے لیے ضروری ہے کہ ان باتوں کا اہتمام کیا جائے جن کا بطور خاص یہاں ذکر کیا گیا ہے۔ ...

القرآن: وذا النون اذ ذھب مغاضباً فظن ان لن نقدر علیه (سورۂ انبیاء، آیت 87، پارہ 17)

ترجمہ: مچھلی والے (حضرت یونس علیہ السلام) کو یاد کرو! جبکہ وہ غصہ سے چل دیا اور خیال کیا کہ ہم اسے نہ پکڑ سکیں گے۔

(ترجمہ: سعودی عرب)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: اور ذوالنون کو (یاد کرو) جب چلا غصہ میں بھرا تو گمان کیا کہ اس پر تنگی نہ کریں گے۔

امام اہلسنت مولانا احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ کا ایمان افروز ترجمہ:

"اور ذوالنون کو (یاد کرو) جب چلا غصہ میں بھرا تو گمان کیا کہ اس پر تنگی نہ کریں گے"

الانبیاء ۲۱ — ٣٩٥

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور — کراچی — پاکستان

لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ﴿۸۰﴾

وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖۤ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ

بٰرَكْنَا فِيْهَا ؕ وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ

مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ

حٰفِظِيْنَ ﴿۸۲﴾ وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗۤ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ

اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۸۳﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ

وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى

لِلْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ كُلٌّ

مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهُمْ مِّنَ

الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ

لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ

سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۷﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَ

القرآن: وذا النون اذ ذھب مغاضباً فظن ان لن نقدر علیه (سورۂ انبیاء، آیت 87، پارہ 17)

ترجمہ کنزالایمان: اور ذوالنون کو (یاد کرو) جب چلا غصہ میں بھرا تو گمان کیا کہ اس پر تنگی نہ کریں گے۔

اس مقام پر اعلیٰ حضرت نے **فظن ان لن نقدر علیک** کا ترجمہ کیا ہے "تو گمان کیا ہم اس پر تنگی نہ کریں گے" دوسرے مذکورہ تراجم میں ہے سوائے عبدالماجد کے "سمجھا کہ ہم نہ پکڑ سکیں گے" "گرفت نہ کریں گے"۔ اسی طرح اعلیٰ حضرت کے ترجمہ اس طرح آیا ہے۔ **انی کنت من الظّلمین** "بے شک مجھ سے بے جا ہوا" اور باقی مذکورہ تراجم میں اس طرح ذکر کیا گیا ہے "میں گنہ گاروں سے تھا" "میں نے قصور کیا" تراجم میں پہلا فرق جو بیان کیا ہے اس پر توجہ فرمائیں کہ یہ کہنا "سمجھا کہ ہم نہ پکڑ سکیں گے" یا یہ کہنا "سمجھا ہم پکڑنے کی قدرت نہیں رکھتے" یا یہ کہا جائے کہ "سمجھا ہم پکڑنے کی طاقت نہیں رکھتے" اردو محاورہ میں تمام الفاظ کا ایک ہی مطلب لیا جاتا ہے۔ حالانکہ اسی مطلب کو علامہ رازی نے تفسیر کبیر میں رد کیا ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں۔

وثانیه اقول تعالیٰ فظن ان لن نقدر علیه وذلک یقتضی کو نشا کا فی قدرۃ اللہ تعالیٰ

جن حضرات نے انبیائے کرام سے گناہ سرزد ہونا جائز قرار دیا ہے ان کی یہ دوسری دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی

فظن ان لن نقدر علیه

تقاضا کرتا ہے کہ یونس علیہ السلام اللہ تعالیٰ کی قدرت میں شک کرنے والے ہوں (جو شک کرنے والا ہوتا ہے وہ گنہ گار ہوتا ہے) اس دلیل کو آپ نے اس طرح رد فرمایا۔

والجواب عن الشبهات الثانیه وهو التمسک بقول تعالیٰ فظن ان لن نقدر علیه ان نقول من ظن عجز اللہ تعالیٰ فهو کافر ولاخلاف انه لایجوز نسبت ذلک الیٰ احاد المومنین فکیف الی الانبیاء علیهم السلام فاذن لاجد فیه من التاویل وفیه وجوه احدها فظن ان لن نقدر علیه لن نضیق علیه هو کقوله تعالیٰ اللہ یبسط الرزق لمن یشاء من عباده و یقدر ای یضیق ومن قدر علیه رزقه ای ضیق واما اذا ما ابتلاه فقدر علیه رزقه ای ضیق ومعناه ان لن نضیق علیه واعلم ان هذا التاویل مین الایة حجة لنا وذلک لان یونس علیه السلام ظن انه مخیس ان شاء اقام وان شاء خرج وانه تعالیٰ لایضیق علیه فی اختیاره

معترضین کی دلیل کو رد کرتے ہوئے فرمایا کہ یہاں **لن نقدر علیه** کا معنی **لن نضیق علیه** ہے

تو اب یہ معنی ہوا کہ انہوں نے گمان کیا کہ ہم ان پر تنگی نہ کریں گے۔ آپ نے اس معنی پر قرآن پاک کی تین آیات سے استدلال پکڑا ہے کہ قدر کا معنی تنگی قرآن پاک میں استعمال ہوا ہے۔

اللہ یبسط الرزاق لمن یشاء ویقدر و من قدر علیه رزقه / وا ما اذا ما ابتلاه فقدر علیه رزقه

ان تمام آیات میں قدر کا معنی تنگی کرنا ہے لہذا یہاں بھی اس کا معنی تنگی کرنا ہی ہے۔ پھر آپ نے یہ فرمایا کہ یہ تاویل ہمارے لئے دلیل ہے کہ حضرت یونس علیہ السلام نے یہ خیال کیا کہ آپ کو اختیار ہے اگر چاہیں مقیم رہیں اور چاہیں تو اس قوم کو چھوڑ کر چلے جائیں اور اللہ تعالیٰ آپ کے اس اختیار میں تنگی نہیں فرمائے گا۔ اسی طرح مدارک میں بھی آتا ہے۔

فظن ان لن نقدر نضیق علیه وعن ابن عباس انه داخل علی معاویة فقال لقد ضربتنی امواج القرآن البارحة فغرقت فیها فلم اجد لنفسی خلاصا الابک قال وماهی یامعاویة فقراء الایت وقال او یظن نبی الله ان لایقدر علیه قال هذا امن القدر لامن القدرة

یعنی اس کا معنی یہ ہے کہ اس نے گمان کیا کہ ہم اس پر تنگی نہیں کریں گے۔

حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ وہ ایک مرتبہ حضرت امیر معاویہ کے پاس گئے۔ انہوں نے کہا کہ میں گزشتہ رات سے قرآن پاک کی موجوں میں غرق ہوں۔ آپ کے بغیر ان سے نجات ممکن نہیں۔ آپ نے کہا کہ اے معاویہ! وہ کیا ہے۔ انہوں نے یہی آیت مبارکہ پڑھی اور کہا کہ کیا اللہ کا نبی بھی گمان کرسکتا ہے کہ اللہ قدرت نہیں رکھتا تو آپ نے کہا کہ ان لن نقدر قدر سے مشتق ہے نہ کہ قدرت سے۔ مطلب یہ ہے کہ اس کا معنی تنگی ہے نہ کہ طاقت۔ لہذا معنی یہ نہیں کہ ہم پکڑ نہیں سکیں گے بلکہ معنی یہ ہے کہ ہم تنگی نہیں کریں گے۔

اب دوسرا فرق دیکھیں۔

انی کنت من الظلمین کا اعلیٰ حضرت کا ترجمہ "بے شک مجھ سے بے جا ہوا"

دوسرے تراجم میں ہے، میں تھا گنہ گاروں سے، میں نے قصور کیا، میں قصوروار ہوں۔

اعلیٰ حضرت کے ترجمہ پر تائید تفسیر کبیر سے ملتی ہے۔ آپ بیان کرتے ہیں۔

ان کنت من الظلمین فهوا واجبة التاویل لانالوا جرینا ها علیٰ ظاهرها لو جب القول یکون النبی مستحقا للطعن وهذا الایقول مسلم واذا وجب التاویل فنقول لاشک انه کان تارکا للا فضل مع القدرة علی تحصیل الافضل فکان ذلک ظلما

یعنی اس آیت میں تاویل ضروری ہے کیونکہ اگر ظاہر پر رکھا جائے البتہ نبی کا مستحق لعنت ہونا (العیاذ باللہ) لازم آئے گا کیونکہ حضرت یونس علیہ السلام کا اگر قول یہ ہو کہ میں ظالم (گنہ گار) تھا تو ظالم لعنت کا مستحق ہے۔ اس لئے کہ قرآن پاک میں ہے۔ **فلعنت الله علی الظلمین** ظالموں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو۔

حالانکہ کوئی مسلمان یہ نہیں کہہ سکتا کہ اللہ کا نبی ظالم (گنہ گار) اور لعنت کا مستحق ہے۔ اس لئے تاویل ضروری ہے۔ لہذا

ہم بلاشک یہ کہتے ہیں کہ آپ نے افضل کو چھوڑا یعنی وہاں رہنے کو باوجود اس کے کہ آپ افضل کے حاصل کرنے کی قدرت رکھتے تھے۔ یعنی آپ وہاں سے چلے گئے۔ یہ جانا ترک افضل تھا۔ اسی کو ظلم سے تعبیر کیا ہے۔ معنی یہ ہوا کہ میں نے افضل کو چھوڑا۔ اس لئے مجھ سے بے جا ہوا۔ یہ مراد نہیں کہ مجھ سے گنہ ہوا، ظلم ہوا، میں تھا گنہ گاروں سے۔ یہ معنی نبی کی شان کے لائق نہیں۔ اسی لئے علامہ رازی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے رد کیا اور تاویل کر کے اس کا صحیح استعمال بتایا اور اعلیٰ حضرت نے بھی اسی حقیقت کو سمجھتے ہوئے ایسا ترجمہ فرمایا جو بلا غبار ہے جس پر اعتراض کی گردش ممکن نہیں۔

اہلسنت کے ممتاز عالم دین محدث اعظم ہند علامہ سید محمد کچھوچھوی علیہ الرحمہ کا ایمان افروز ترجمہ:

"اور ذوالنون جبکہ چل پڑے تھے غصہ میں بھرے پھر خیال کیا کہ ہم تنگی نہ ڈالیں گے"

اقترب للناس ۱۷ — ۳۹۵ — الانبیاء ۲۱

وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ فَهَلْ

اور سکھا دیا تھا ہم نے انھیں ایک تمہارے کام کے پہناوے کی کاریگری کہ تمہاری حفاظت کرے تم لوگوں کی جنگ

اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ﴿۸۰﴾ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖۤ

سے تو کیا تم شکر گزار ہو — اور سلیمان کے لیے — تیز ہوا — کہ چلا کرے ان کے حکم سے

اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ؕ وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَ

اس زمین کی طرف — جس میں ہم نے برکت دے رکھی ہے — اور ہم — ہر چیز کے — دانا ہیں — اور

مِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ

کچھ — شیطان تھے — کہ غوطے لگاتے — ان کے لیے — اور دوسرے کام — کرتے

ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ﴿۸۲﴾ وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗۤ اَنِّيْ

اور ہم سب کے نگراں — تھے — اور ایوب نے جب پکارا — اپنے رب کو — کہ

مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۸۳﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا

پہنچا ہے مجھے — دکھ اور تو سب رحم والوں سے بڑھ کر رحم والا ہے — تو قبول فرما لیا ہم نے اسے تو دور کر دیا ہم

مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ

نے جو انھیں — دکھ تھا اور دیا ہم نے انھیں ان کے اہل و عیال کو اور اتنے ہی اور رحمت فرماتے ہوئے — اپنی

عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ

طرف سے اور درس اپنے پجاریوں کے لیے — اور اسماعیل — و ادریس — و ذوالکفل

كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهُمْ مِّنَ

سب — صبر والے تھے — اور لے لیا ہم نے انھیں اپنی رحمت میں — کہ بلا شبہ وہ لیاقت

الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ

مندوں سے تھے — اور ذوالنون جب کہ چل پڑے تھے غصہ میں بھرے پھر خیال کیا کہ ہم تنگی نہ ڈالیں

نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖۗ

گے — ان پر — پھر پکارا — اندھیریوں میں کہ نہیں ہے کوئی پوجنے کے قابل سوا تیرے پاکی ہے تیری

اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۷﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ؕ

بے شک میں بے جا کرنے والوں سے تھا — تو ہم نے قبول فرما لیا اس پکار کو اور بچا لیا ان کو — غم سے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ

قرآن مجید مترجمہ

مسمّٰی بہ

معارف القرآن

ترجمہ نگار

رئیس العلماء ابو المحامد سید محمد محدث اعظم ہند کچھوچھوی علیہ الرحمۃ

تاریخ تکمیل ترجمہ ہذا ۱۰ ذی الحجہ ۱۳۶۶ھ لیلۃ الاولیٰ قبل العشاء

ناشر

گلوبل اسلامک مشن انک

نیو یارک۔ یو۔ ایس۔ اے

زیر اہتمام

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور کراچی پاکستان

القرآن: وذا النون اذ ذھب مغاضباً فظن ان لن نقدر علیہ (سورۂ انبیاء، آیت 87، پارہ 17)

ترجمہ کنز الایمان: اور ذوالنون جب کہ چل پڑے تھے غصہ میں بھرے پھر خیال کیا کہ ہم تنگی نہ ڈالیں گے ان پر

(ترجمہ: محدث اعظم ہند علامہ سید محمد کچھوچھوی علیہ الرحمہ)

اہلسنت کے ممتاز عالم دین علامہ سید احمد سعید کاظمی علیہ الرحمہ کا ایمان افروز ترجمہ: ''اور ذوالنون کو (یاد کیجئے) جب وہ (راہ حق) میں غضب ناک ہو کر نکلے تو انہوں نے گمان کیا کہ ہم ان پر ہرگز تنگی نہ کریں گے''

اقترب ۱۷ — ۲۹۴ — الانبیاء ۲۱

ضُرٍّ وَّ اٰتَیْنٰهُ اَهْلَهٗ وَ مِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ
کردی اور ہم نے اُن کے اہل وعیال انہیں عطا فرمائے اور اُن کے ساتھ ان کے برابر (اور بھی عطا فرمائے) اپنے پاس
عِنْدِنَا وَ ذِكْرٰی لِلْعٰبِدِیْنَ ﴿۸۴﴾ وَ اِسْمٰعِیْلَ وَ اِدْرِیْسَ
سے رحمت فرما کر اور عبادت کرنے والوں کے لیے نصیحت بنا کر (۸۴) اور (یاد کیجئے) اسمٰعیل اور ادریس
وَ ذَا الْكِفْلِؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِیْنَ ﴿۸۵﴾ وَ اَدْخَلْنٰهُمْ
اور ذوالکفل کو (یہ) سب صبر کرنے والوں میں سے ہیں۔ (۸۵) اور ہم نے انہیں اپنی خاص
فِیْ رَحْمَتِنَاؕ اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۸۶﴾ وَ ذَا النُّوْنِ
رحمت میں داخل کیا بے شک وہ صالحین میں سے ہیں۔ (۸۶) اور ذوالنون کو (یاد کیجئے)
اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَیْهِ فَنَادٰی
جب وہ (راہ حق میں) غضب ناک ہو کر نکلے تو انہوں نے گمان کیا کہ ہم اُن پر ہرگز تنگی نہ کریں گے پھر انہوں نے
فِی الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ
تاریکیوں میں ندا کی کہ (اے اللہ) تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے بیشک
كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۸۷﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَ نَجَّیْنٰهُ
میں زیادتی کرنے والوں میں سے تھا۔ (۸۷) تو ہم نے اُن کی فریاد سن لی اور انہیں غم
مِنَ الْغَمِّؕ وَ كَذٰلِكَ نُـْۨجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۸۸﴾ وَ زَكَرِیَّاۤ
سے نجات دی اور اسی طرح ہم نجات دیتے ہیں ایمان والوں کو۔ (۸۸) اور زکریا کو (یاد
اِذْ نَادٰی رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ
کیجئے) جب انہوں نے اپنے رب کو پکارا (کہ) اے میرے رب مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور سب وارثوں سے تو
الْوٰرِثِیْنَ ﴿۸۹﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَ وَهَبْنَا لَهٗ یَحْیٰی وَ
بہتر وارث ہے۔ (۸۹) تو ہم نے اُن کی التجا قبول فرمائی اور انہیں یحییٰ عطا فرمائے اور
اَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا یُسٰرِعُوْنَ فِی
ہم نے اُن کے لیے ان کی (بانجھ) بیوی کو درست کر دیا بیشک وہ (سب) جلدی کرتے تھے نیک
الْخَیْرٰتِ وَ یَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّ رَهَبًاؕ وَ كَانُوْا لَنَا
کاموں میں اور ہماری رحمت کی امید اور (جلال کا) خوف رکھتے ہوئے ہم سے دعائیں مانگتے تھے اور ہمارے لیے

منزل ۴

خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۙ عَلَّمَهُ الْبَیَانَ

القرآن الحکیم

مع ترجمہ

البیان

از

امام اہلسنت غزالی زماں رازی دوراں

حضرت علامہ سید احمد سعید کاظمی رحمۃ اللہ علیہ

بانی و شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ عربیہ انوار العلوم ملتان

کاظمی پبلیکیشنز، کچہری روڈ، ملتان

القرآن: وذا النون اذ ذھب مغاضباً فظن ان لن نقدر علیه (سورۂ انبیاء، آیت 87، پارہ 17)

ترجمہ کنزالایمان: اور ذوالنون کو (یاد کیجئے) جب وہ (راہ حق) میں غضب ناک ہو کر نکلے تو انہوں نے گمان کیا کہ ہم ان پر ہرگز تنگی نہ کریں گے (ترجمہ البیان: علامہ سید احمد سعید کاظمی علیہ الرحمہ)

13: القرآن: ماکنت تدری ماالکتٰب و لاالایمان (سورۂ شوریٰ، آیت 52، پارہ 25)

ترجمہ: آپ کو نہ یہ خبر تھی کہ کتاب (اللہ) کیا چیز ہے اور نہ یہ خبر تھی کہ ایمان (کا انتہائی کمال) کیا چیز ہے

(ترجمہ: اشرف علی تھانوی، دیوبندی)

ترجمہ: تو نہ جانتا تھا کہ کیا چیز ہے کتاب اور نہ یہ (جانتا تھا کہ) ایمان کیا ہے (ترجمہ: عاشق الہیٰ میرٹھی، دیوبندی)

ترجمہ: نہیں جانتے تھے کہ کیا ہوتی ہے کتاب اور نہ (جانتے تھے) ایمان کو (ترجمہ سید شبیر احمد، دیوبندی (دو رنگوں والا قرآن)

ترجمہ: آپ اس سے پہلے یہ بھی نہیں جانتے تھے کہ کتاب اور ایمان کیا چیز ہے؟ (ترجمہ: سعودی عرب)

ترجمہ: تمہیں اس سے پہلے نہ یہ معلوم تھا کہ کتاب کیا ہوتی ہے، اور نہ یہ کہ ایمان کیا ہے (آسان ترجمہ: مفتی تقی عثمانی، دیوبندی)

ترجمہ: آپ کو نہ یہ خبر تھی کہ کتاب کیا چیز ہے، اور نہ یہ کہ ایمان (کیا چیز ہے) (ترجمہ: عبدالماجد دریابادی، دیوبندی)

ترجمہ: نہ تم یہ جانتے تھے کہ کتاب کیا ہے اور نہ یہ جانتے تھے کہ ایمان کیا ہے (ترجمہ: امین احسن اصلاحی)

ترجمہ: تو نہ جانتا تھا کہ کیا ہے کتاب اور نہ ایمان (ترجمہ: محمود الحسن، دیوبندی)

ترجمہ: تم نہ تو کتاب کو جانتے تھے اور نہ ایمان کو (ترجمہ: فتح محمد جالندھری، دیوبندی)

ترجمہ: آپ کو خبر نہ تھی کہ کتاب کیا ہوتی ہے اور ایمان کیا ہوتا ہے (ترجمہ: ابوالکلام آزاد، دیوبندی)

ترجمہ: تو نہیں جانتا تھا کہ کتاب کیا ہے اور نہ یہ کہ ایمان کیا ہے (ترجمہ: حافظ عبدالسلام بن محمد، اہلحدیث)

ترجمہ: تم (اس سے پہلے یہ بھی) نہ جانتے تھے کہ کتاب کیا چیز ہے اور نہ ایمان کو (ترجمہ: مرزا حیرت دہلوی، اہلحدیث)

ترجمہ: (قرآن) تمہاری طرف وحی کے ذریعہ بھیجی، تم تو نہ کتاب جانتے تھے کہ کیا ہے اور نہ ایمان کو (ترجمہ: فرمان علی، شیعہ)

آپ نے مختلف مکاتب فکر کے مترجمین کے تراجم ملاحظہ فرمائیں۔ تمام مترجمین نے تراجم میں رسول پاک ﷺ کو ایمان سے لاعلم قرار دیا۔
اب آپ علمائے اہلسنت کے تراجم ملاحظہ فرمائیں اور خود فیصلہ کریں کہ کس کا ترجمہ ایمان کے عین مطابق ہے۔

القرآن: ماکنت تدری ماالکتٰب و لاالایمان (سورۂ شوریٰ، آیت 52، پارہ 25)

ترجمہ: اس سے پہلے نہ تم کتاب جانتے تھے نہ احکام شرع کی تفصیل (ترجمہ: کنزالایمان، امام احمد رضا خان بریلوی علیہ الرحمہ)

ترجمہ: (وحی سے پہلے) نہ آپ یہ جانتے تھے کہ کتاب کیا ہے اور نہ یہ کہ ایمان (کی تفصیل) کیا ہے۔
(ترجمہ البیان: علامہ سید احمد سعید کاظمی علیہ الرحمہ)

دیوبندی پیشوا مولوی اشرف علی تھانوی نے اپنے ترجمۂ قرآن میں رسول پاک ﷺ کو ایمان سے لاعلم قرار دیا

مَا يَشَآءُ ۚ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ۙ
اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ۚ
اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ۝ وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا
وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ
مَا يَشَآءُ ۚ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۝ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ
اَمْرِنَا ۚ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ
جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ۚ وَاِنَّكَ
لَتَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا
فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۗ اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ۝

سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑے رحم والے ہیں۔

حٰمٓ ۝ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ

اِنَّهٗ لَذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝
یہ قرآن تو (اللہ کا کلام اور) دنیا جہان والوں کیلئے بس ایک نصیحت ہے۔ (۸۷:۲۸)

القرآن الکریم
مع ترجمہ و تفسیر مولانا اشرف علی تھانوی رح
قدرت اللہ کمپنی
اردو بازار لاہور

القرآن: ماکنت تدری ماالکتٰب ولاالایمان (سورۂ شوریٰ، آیت 52، پارہ 25)

ترجمہ: آپ کو نہ یہ خبر تھی کہ کتاب (اللہ) کیا چیز ہے اور نہ یہ خبر تھی کہ ایمان (کا انتہائی کمال) کیا چیز ہے (ترجمہ: مولوی اشرف علی تھانوی، دیوبندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: اس سے پہلے نہ تم کتاب جانتے تھے نہ احکام شرع کی تفصیل

دیوبندی پیشوا مولوی عاشق الٰہی میرٹھی نے اپنے ترجمۂ قرآن میں رسول پاک ﷺ کو ایمان سے لاعلم قرار دیا

الشوریٰ ۴۲ ۵۸۸ الیہ یرد ۲۵

عَلَيْكَ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَاِنَّاۤ اِذَاۤ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ

تیرے ذمہ تو پیغام پہنچا دینا ہے اور ہم جب آدمی کو چکھاتے ہیں اپنی طرف سے کوئی رحمت تو وہ اس سے

وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ ﴿۴۸﴾

خوش ہو جاتا ہے اور اگر ان کو کوئی مصیبت پہنچ جاتی ہے ان اعمال کے باعث جو ان کے ہاتھوں نے آگے

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ

بھیجے تو انسان بڑا ناشکرا ہے۔ اللہ ہی کی بادشاہت ہے آسمانوں اور زمین میں پیدا فرماتا ہے جو چاہتا ہے؛

اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ﴿۴۹﴾ اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ

عطا فرماتا ہے جس کو چاہتا ہے بیٹیاں اور عطا فرماتا ہے جسے چاہتا ہے بیٹے۔ یا ان کو دونوں قسم ملا کر بیٹے اور

وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾ وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ

بیٹیاں دیتا ہے! اور بنا دیتا ہے جسے چاہتا ہے بانجھ؛ بیشک وہ جاننے والا قادر ہے اور کسی بشر

اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا

کی طاقت نہیں کہ اللہ اس سے بات کرے مگر بذریعہ الہام یا پردے کے پیچھے سے یا بھیجے کسی

فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ﴿۵۱﴾ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَاۤ

فرشتے کو پس وہ پہنچا دے اللہ کے حکم سے جو کچھ وہ چاہتا ہے بیشک وہ بلند مرتبہ حکمت والا ہے اور

اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ

اسی طرح بھیجا ہم نے تیری طرف ایک فرشتہ اپنے حکم سے تو نہ جانتا تھا کہ کیا چیز ہے کتاب اور نہ یہ

وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَاِنَّكَ

(جانتا تھا کہ) ایمان کیا ہے لیکن ہم نے بنا دیا اس وحی کو نور کہ اس سے راہ دکھلاتے ہیں جس کو چاہتے ہیں

لَتَهْدِيْۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۲﴾ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي

اپنے بندوں میں سے اور بیشک تو ہدایت کرتا ہے سیدھی راہ کی جانب اس اللہ کے راستہ کی جانب کہ اسی کا ہے

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ اَلَاۤ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ﴿۵۳﴾

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے خبردار ہو اللہ ہی کی طرف لوٹتے ہیں تمام کام:

سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّسَبْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورہ زخرف مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں نواسی آیتیں اور سات رکوع ہیں۔

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ

القرآن الحکیم

مع ترجمہ از

مولانا عاشق الٰہی میرٹھی

تاج کمپنی لمیٹڈ کراچی، لاہور، راولپنڈی

طبع شدہ باہتمام ... منتظم تاج کمپنی لمیٹڈ

القرآن: ماکنت تدری ماالکتٰب ولاالایمان (سورۂ شوریٰ، آیت 52، پارہ 25)

ترجمہ: تو نہ جانتا تھا کہ کیا چیز ہے کتاب اور نہ یہ (جانتا تھا کہ) ایمان کیا ہے۔ (ترجمہ: اشق الٰہی میرٹھی، دیوبندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: اس سے پہلے نہ تم کتاب جانتے تھے نہ احکام شرع کی تفصیل

دیوبندیوں کا مشہور "دورنگوں والا قرآن" جس میں مترجم نے رسول پاک ﷺ کو ایمان سے لاعلم قرار دیا

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ

قرآن حکیم

اردو ترجمہ

مرتبہ: مولانا سیّد شبّیر احمدؒ

قرآن آسان تحریک لاہور۔ پاکستان

أَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ أَوْ يُرْسِلَ	یا پردے کے پیچھے سے یا وہ بھیجتا ہے
رَسُولًا فَيُوحِيَ	پیامبر (فرشتہ) پس وہ وحی کرتا ہے
بِإِذْنِهِ مَا يَشَآءُ ۚ	اللہ کے اذن سے جو کچھ اللہ چاہتا ہے۔
إِنَّهُ عَلِيٌّ حَكِيمٌ ۝	بلاشبہ وہ ہے برتر اور بڑی حکمت والا ۝
وَكَذَٰلِكَ أَوْحَيْنَآ	اور اسی طرح وحی کی ہم نے
إِلَيْكَ رُوحًا	تمہاری طرف ایک روح
مِّنْ أَمْرِنَا ۚ مَا كُنتَ تَدْرِي	اپنے حکم سے، نہیں جانتے تھے تم
مَا الْكِتَٰبُ	کہ کیا ہوتی ہے کتاب
وَلَا الْإِيمَٰنُ	اور نہ (جانتے تھے) ایمان کو
وَلَٰكِن جَعَلْنَٰهُ	مگر بنا دیا ہے ہم نے اس قرآن کو
نُورًا نَّهْدِي بِهِ	روشنی — راہ دکھاتے ہیں ہم اس کے ذریعے سے
مَن نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ۚ	جسے چاہیں اپنے بندوں میں سے۔
وَإِنَّكَ لَتَهْدِيٓ	اور یقیناً تم رہنمائی کرتے ہو
إِلَىٰ صِرَٰطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝	سیدھے راستے کی طرف ۝
صِرَٰطِ اللَّهِ الَّذِي	راستہ اللہ کا جو
لَهُ مَا فِي السَّمَٰوَٰتِ	مالک ہے ہر اس چیز کا جو آسمانوں میں ہے
وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ	اور جو زمین میں ہے۔
أَلَآ إِلَى اللَّهِ	خبردار رہو! اللہ ہی کی طرف
تَصِيرُ الْأُمُورُ ۝	رجوع کرتے ہیں تمام معاملات ۝

القرآن: ماکنت تدری ما الکتٰب ولا الایمان (سورۂ شوریٰ، آیت 52، پارہ 25)

ترجمہ: نہیں جانتے تھے تم کہ کیا ہوتی ہے کتاب اور نہ (جانتے تھے) ایمان کو۔ (ترجمہ: شبیر احمد دیوبندی (دورنگوں والا قرآن)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہیے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: اس سے پہلے نہ تم کتاب جانتے تھے نہ احکام شرع کی تفصیل

سعودی ترجمہ میں مترجم نے رسول پاک ﷺ کو ایمان سے لاعلم قرار دیا

یہ قرآن شریف مع ترجمہ و تفسیر خادم حرمین شریفین
شاہ فہد بن عبد العزیز آل سعود کی طرف سے ہدیہ ہے

الجزء ۲۵ — ۱۳۴۷ — الشورى ۴۲

قَدِيرٌ ۝

وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُكَلِّمَهُ اللَّهُ إِلَّا وَحْيًا أَوْ مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ أَوْ يُرْسِلَ رَسُولًا فَيُوحِيَ بِإِذْنِهِ مَا يَشَاءُ إِنَّهُ عَلِيٌّ حَكِيمٌ ۝

وَكَذَٰلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوحًا مِنْ أَمْرِنَا مَا كُنْتَ تَدْرِي مَا الْكِتَابُ وَلَا الْإِيمَانُ وَلَٰكِنْ جَعَلْنَاهُ نُورًا نَهْدِي بِهِ مَنْ نَشَاءُ مِنْ عِبَادِنَا وَإِنَّكَ لَتَهْدِي إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ۝

چاہے بانجھ کر دیتا ہے، وہ بڑے علم والا اور کامل قدرت والا ہے۔(۵۰)

ناممکن ہے کہ کسی بندہ سے اللہ تعالیٰ کلام کرے مگر وحی کے ذریعہ یا پردے کے پیچھے سے یا کسی فرشتہ کو بھیجے اور وہ اللہ کے حکم سے جو وہ چاہے وحی[1] کرے، بیشک وہ برتر ہے حکمت والا ہے۔(۵۱)

اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف اپنے حکم سے روح کو اتارا ہے،[2] آپ اس سے پہلے یہ بھی نہیں جانتے تھے کہ کتاب اور ایمان کیا چیز ہے؟[3] لیکن ہم نے اسے نور بنایا، اس کے ذریعہ سے اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں، ہدایت دیتے ہیں،[4] بیشک آپ راہ راست

قرآن کریم
مع اردو ترجمہ و تفسیر

شاہ فہد قرآن کریم پرنٹنگ کمپلیکس

القرآن: ما کنت تدری ما الکتب ولا الایمان (سورۂ شوریٰ، آیت 52، پارہ 25)

ترجمہ: آپ اس سے پہلے یہ بھی نہیں جانتے تھے کہ کتاب اور ایمان کیا چیز ہے۔ (ترجمہ: سعودی عرب)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: اس سے پہلے نہ تم کتاب جانتے تھے نہ احکام شرع کی تفصیل

دیو بندی مفتی، مفتی تقی عثمانی نے اپنے آسان ترجمۂ قرآن میں رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو ایمان سے لاعلم قرار دیا

توضیح القرآن

آسان ترجمۂ قرآن

تشریحات کے ساتھ

سادہ ایڈیشن

اَز

مفتی محمد تقی عثمانی

مکتبہ معارف القرآن کراچی
(Quranic Studies Publishers)
Karachi, Pakistan.

الیہ یرد ۲۵ — ۱۰۲۱ — الشوریٰ ۴۲

وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُكَلِّمَهُ اللّٰهُ إِلَّا وَحْيًا أَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ أَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِإِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ؕ إِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ﴿۵۱﴾ وَكَذٰلِكَ أَوْحَيْنَآ إِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ أَمْرِنَا ؕ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْإِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَإِنَّكَ لَتَهْدِيْ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۲﴾ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ؕ أَلَا إِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْأُمُوْرُ ﴿۵۳﴾

اور کسی انسان میں یہ طاقت نہیں ہے کہ اللہ اُس سے (رُوبرو) بات کرے،[10] سوائے اس کے کہ وہ وحی کے ذریعے ہو، یا کسی پردے کے پیچھے سے، یا پھر وہ کوئی پیغام لانے والا (فرشتہ) بھیج دے، اور وہ اُس کے حکم سے جو وہ چاہے وحی کا پیغام پہنچادے۔ یقیناً وہ بہت اُونچی شان والا، بڑی حکمت کا مالک ہے۔ ﴿۵۱﴾ اور اسی طرح ہم نے تمہارے پاس اپنے حکم سے ایک رُوح بطور وحی نازل کی ہے۔[11] تمہیں اس سے پہلے نہ یہ معلوم تھا کہ کتاب کیا ہوتی ہے، اور نہ یہ کہ ایمان کیا ہے، لیکن ہم نے اس (قرآن) کو ایک نور بنایا ہے جس کے ذریعے ہم اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں، ہدایت دیتے ہیں۔ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ تم لوگوں کو وہ سیدھا راستہ دکھا رہے ہو ﴿۵۲﴾ جو اللہ کا راستہ ہے، وہ اللہ جس کی ملکیت میں وہ سب کچھ ہے جو آسمانوں میں ہے، اور وہ سب کچھ جو زمین میں ہے۔ یاد رکھو کہ سارے معاملات آخرکار اللہ ہی کی طرف لوٹیں گے۔ ﴿۵۳﴾

(۱۰) اس دُنیا میں کسی انسان سے اللہ تعالیٰ رُوبرو ہو کر ہم کلام نہیں ہوتا، البتہ تین طریقوں میں سے کوئی طریقہ اختیار فرماتا ہے۔ ایک کو وحی سے تعبیر فرمایا گیا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ جو بات فرمانا چاہتا ہے، وہ کسی کے دل میں ڈال دیتا ہے، دوسرے کو پردے کے پیچھے سے تعبیر فرمایا گیا ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی صورت نظر آئے بغیر کوئی بات کانوں کے ذریعے ہی سنادی جاتی ہے، جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ہوا تھا، اور تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنا کلام کسی فرشتے کے ذریعے کسی پیغمبر کے پاس بھیجا جاتا ہے۔

(۱۱) رُوح سے مراد قرآن کریم اور اُس کے احکام ہیں، کیونکہ وہ انسان کے لئے رُوحانی زندگی کا باعث ہیں۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ رُوح سے مراد حضرت جبرئیل علیہ السلام ہوں جنہیں رُوح القدس بھی کہا جاتا ہے، اور قرآن کریم کے نزول کے لئے اللہ تعالیٰ نے انہی کو واسطہ بنایا ہے۔

الحمد للہ! سورۂ شوریٰ کا ترجمہ اور تشریحی حواشی آج شب جمعہ ۲۴ ذوالحجہ ۱۴۲۸ھ مطابق ۴ جنوری ۲۰۰۸ء کو کراچی میں تکمیل تک پہنچے۔ اللہ تعالیٰ اس خدمت کو اپنی بارگاہ میں شرف قبول عطا فرما کر اُسے نافع بنائیں، اور باقی سورتوں کی بھی اپنی رضائے کامل کے مطابق تکمیل کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین۔

القرآن: ماکنت تدری ما الکتٰب ولا الایمان (سورۂ شوریٰ، آیت 52، پارہ 25)

ترجمہ: تمہیں اس سے پہلے نہ یہ معلوم تھا کہ کتاب کیا ہوتی ہے اور نہ یہ کہ ایمان کیا ہے (ترجمہ: مفتی تقی عثمانی، دیوبندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: اس سے پہلے نہ تم کتاب جانتے تھے نہ احکام شرع کی تفصیل

دیوبندی مولوی عبدالماجد دریابادی نے اپنے ترجمۂ قرآن میں رسول پاک ﷺ کو ایمان سے لاعلم قرار دیا

الیہ یرد ۲۵   ۹۷۶

قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ ﴿۴۸﴾ لِلّٰهِ مُلْكُ

کرتوتوں کے بدلہ میں جو وہ پہلے اپنے ہاتھوں کر چکے ہیں تو انسان ناشکری کرنے لگتا ہے وہ۵۵ اللہ ہی کی سلطنت

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ

آسمانوں اور زمین میں وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے جس کو چاہتا ہے (اولاد) مادہ عنایت کرتا ہے اور جس کو چاہتا

اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ﴿۴۹﴾ اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا

(اولاد) نرینہ عنایت کرتا ہے یا اُن کو نر و مادہ (کی صورت میں) جمع

وَّاِنَاثًا ۚ وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾ وَمَا

کر دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے لاولد رکھتا ہے بے شک وہ بڑا علم والا ہے، بڑا قدرت والا ہے و۵۶

كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ

کسی بشر کا مرتبہ نہیں کہ اللہ اس سے کلام کرے مگر ہاں یا تو وحی سے یا کسی آڑ سے

اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِيٌّ

یا کسی (فرشتہ) قاصد کو بھیج دے سو وہ وحی پہنچا دے اللہ کے حکم سے جو اللہ کو منظور ہوتا ہے و۵۷ وہ بڑا عالیشان ہے

حَكِيْمٌ ﴿۵۱﴾ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ مَا

حکمت والا ہے و۵۸ اور اسی طرح ہم نے آپ کے پاس وحی یعنی اپنا حکم بھیجا ہے و۵۹ آپ

كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا

نہ یہ خبر تھی کہ کتاب کیا چیز ہے اور نہ یہ کہ ایمان (کیا چیز ہے) و۶۰ لیکن ہم نے اس (قرآن) کو نور بنایا ہے

نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ اِلٰى

کہ اس کے ذریعہ سے ہم ہدایت کرتے ہیں بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں اور اس میں کوئی شک نہیں کہ آپ

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۲﴾ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي

راہ راست ہی کی ہدایت کر رہے ہیں و۶۱ یعنی راہ اسی اللہ کی کہ آسمانوں

۴۲ : ۴۸   منزل ۶   ۴۲ :

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْقُرْاٰنُ الْكَرِيْم

تفسیر ماجدی

مع ترجمہ و تفسیر

حضرت مولانا عبدالماجد دریابادی

پاک کمپنی

اردو بازار لاہور

القرآن: ماکنت تدری ما الکتٰب ولا الایمان (سورۂ شوریٰ، آیت 52، پارہ 25)

ترجمہ: آپ کو نہ یہ خبر تھی کہ کتاب کیا چیز ہے اور نہ یہ کہ ایمان (کیا چیز ہے)   (ترجمہ: عبدالماجد دریابادی، دیوبندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہیے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: اس سے پہلے نہ تم کتاب جانتے تھے نہ احکام شرع کی تفصیل

امین احسن اصلاحی نے اپنے ترجمۂ قرآن میں رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو ایمان سے لاعلم قرار دیا

أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ

قرآنِ مجید

ترجمہ

مولانا امین احسن اصلاحی رحمۃ اللہ علیہ

فاران فاؤنڈیشن

لاہور — پاکستان

الیہ یرد ۲۵ — ۷۲۳ — الشوریٰ ۴۲

أَيْدِيهِمْ فَإِنَّ الْإِنْسَانَ كَفُورٌ ﴿٤٨﴾ لِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ

تو وہ ناشکرا بن جاتا ہے۔ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی خدا ہی کی ہے۔

يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ يَهَبُ لِمَنْ يَشَاءُ إِنَاثًا وَيَهَبُ لِمَنْ يَشَاءُ

وہ پیدا کرتا ہے جو چاہتا ہے۔ جس کو چاہتا ہے بیٹیاں عطا فرماتا ہے اور جس کو چاہتا ہے بیٹے

الذُّكُورَ ﴿٤٩﴾ أَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَإِنَاثًا وَيَجْعَلُ مَنْ يَشَاءُ عَقِيمًا

عطا فرماتا ہے۔ یا بیٹے اور بیٹیاں، دونوں ملا کر ان کو بخشتا ہے، اور جس کو چاہتا ہے بے اولاد رکھتا ہے۔

إِنَّهُ عَلِيمٌ قَدِيرٌ ﴿٥٠﴾ وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُكَلِّمَهُ اللَّهُ إِلَّا وَحْيًا أَوْ مِنْ

وہی علم رکھنے والا اور قدرت رکھنے والا ہے۔ اور کسی بشر کی بھی یہ شان نہیں ہے کہ اللہ اس سے کلام کرے، مگر وحی کے ذریعے یا

وَرَاءِ حِجَابٍ أَوْ يُرْسِلَ رَسُولًا فَيُوحِيَ بِإِذْنِهِ مَا يَشَاءُ إِنَّهُ عَلِيٌّ

پردے کی اوٹ سے یا بھیجے کسی فرشتہ کو پس وہ وحی کردے اس کے اذن سے جو وہ چاہے۔ وہ بڑا ہی عالی مقام،

حَكِيمٌ ﴿٥١﴾ وَكَذَلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوحًا مِنْ أَمْرِنَا مَا كُنْتَ تَدْرِي

بڑا ہی حکیم ہے۔ اور اسی طرح ہم نے تمہاری طرف بھی وحی کی ہے ایک روح — اپنے امر میں سے۔ نہ تم یہ جانتے تھے کہ

مَا الْكِتَابُ وَلَا الْإِيمَانُ وَلَكِنْ جَعَلْنَاهُ نُورًا نَهْدِي بِهِ مَنْ نَشَاءُ مِنْ

کتاب کیا ہے اور نہ جانتے تھے کہ ایمان کیا ہے، لیکن ہم نے اس کو ایک نور بنایا جس سے ہم ہدایت دیتے ہیں اپنے بندوں میں سے جس کو

عِبَادِنَا وَإِنَّكَ لَتَهْدِي إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ﴿٥٢﴾ صِرَاطِ اللَّهِ الَّذِي لَهُ

چاہتے ہیں۔ اور بے شک تم ایک سیدھی راہ کی طرف رہنمائی کر رہے ہو۔ اس اللہ کے راستہ کی طرف جس کا

مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ أَلَا إِلَى اللَّهِ تَصِيرُ الْأُمُورُ ﴿٥٣﴾

ہی وہ سب کچھ ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے۔ آگاہ! سارے معاملات اللہ ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔

منزل ۶

القرآن: ما کنت تدری ما الکتٰب ولا الایمان (سورۂ شوریٰ، آیت 52، پارہ 25)

ترجمہ: تم یہ جانتے تھے کہ کتاب کیا ہے اور نہ جانتے تھے کہ ایمان کیا ہے (ترجمہ: امین احسن اصلاحی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: اس سے پہلے نہ تم کتاب جانتے تھے نہ احکام شرع کی تفصیل

دیوبندی پیشوا مولوی محمود الحسن نے اپنے ترجمۂ قرآن میں رسول پاک ﷺ کو ایمان سے لاعلم قرار دیا

الیه یرد ۲۵ — ۶۵۰ — الزخرف ۴۳

اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ اِنَّهٗ

عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۝ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا مَا كُنْتَ

تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ

نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ صِرَاطِ

اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ اَلَاۤ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ

سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّسَبْعُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حٰمٓ ۝ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ

تَعْقِلُوْنَ ۝ وَاِنَّهٗ فِيْۤ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۝ اَفَنَضْرِبُ

عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ۝ وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ

نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ

القرآن الحکیم

تاج کمپنی لمیٹڈ لاہور کراچی

القرآن: ماکنت تدری ماالکتٰب ولاالایمان (سورۂ شوریٰ، آیت 52، پارہ 25)

ترجمہ: تو نہ جانتا تھا کہ کیا ہے کتاب اور نہ ایمان (ترجمہ: محمود الحسن، دیوبندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہیے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: اس سے پہلے نہ تم کتاب جانتے تھے نہ احکام شرع کی تفصیل

دیوبندی مولوی فتح محمد جالندھری نے اپنے ترجمۂ قرآن میں رسول پاک ﷺ کو ایمان سے لاعلم قرار دیا

وَكَذَٰلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوحًا مِّنْ أَمْرِنَا ۚ مَا كُنتَ تَدْرِي مَا الْكِتَابُ وَلَا الْإِيمَانُ وَلَٰكِن جَعَلْنَاهُ نُورًا نَّهْدِي بِهِ مَن نَّشَاءُ مِنْ عِبَادِنَا ۚ وَإِنَّكَ لَتَهْدِي إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٥٢﴾ صِرَاطِ اللَّهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ أَلَا إِلَى اللَّهِ تَصِيرُ الْأُمُورُ ﴿٥٣﴾

اور اسی طرح ہم نے اپنے حکم سے تمہاری طرف روح القدس کے ذریعے سے قرآن بھیجا ہے۔ تم نہ تو کتاب کو جانتے تھے اور نہ ایمان کو لیکن ہم نے اس کو نور بنایا ہے کہ اس سے ہم اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں ہدایت کرتے ہیں۔ اور بےشک (اے محمد) تم سیدھا رستہ دکھاتے ہو ﴿٥٢﴾ (یعنی) خدا کا رستہ جو آسمانوں اور زمین کی سب چیزوں کا مالک ہے۔ دیکھو سب کام خدا کی طرف رجوع ہوں گے (اور وہی ان میں فیصلہ کرے گا) ﴿٥٣﴾

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

حم ﴿١﴾ وَالْكِتَابِ الْمُبِينِ ﴿٢﴾ إِنَّا جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ﴿٣﴾ وَإِنَّهُ فِي أُمِّ الْكِتَابِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيمٌ ﴿٤﴾ أَفَنَضْرِبُ عَنكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا أَن كُنتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِينَ ﴿٥﴾ وَكَمْ أَرْسَلْنَا مِن نَّبِيٍّ فِي الْأَوَّلِينَ ﴿٦﴾ وَمَا يَأْتِيهِم مِّن نَّبِيٍّ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿٧﴾ فَأَهْلَكْنَا أَشَدَّ مِنْهُم بَطْشًا وَمَضَىٰ مَثَلُ الْأَوَّلِينَ ﴿٨﴾

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰم ﴿١﴾ کتاب روشن کی قسم ﴿٢﴾ کہ ہم نے اس کو قرآن عربی بنایا ہے تاکہ تم سمجھو ﴿٣﴾ اور یہ بڑی کتاب (یعنی لوح محفوظ) میں ہمارے پاس (لکھی ہوئی اور) بڑی فضیلت (اور) حکمت والی ہے ﴿٤﴾ بھلا اس لئے کہ تم حد سے نکلے ہوئے لوگ ہو ہم تم کو نصیحت کرنے سے باز رہیں گے ﴿٥﴾ اور ہم نے پہلے لوگوں میں بھی بہت سے پیغمبر بھیجے تھے ﴿٦﴾ اور کوئی پیغمبر ان کے پاس نہیں آتا تھا مگر وہ اس سے تمسخر کرتے تھے ﴿٧﴾ تو جو ان میں سخت زور والے تھے ان کو ہم نے ہلاک کر دیا اور اگلے لوگوں کی حالت گزر گئی ﴿٨﴾

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ

اَلْقُرْآنُ الْحَكِيْمُ

مع ترجمہ فتح الحمید

تاج کمپنی لمیٹڈ ناشران قرآن مجید لاہور کراچی

القرآن: ماکنت تدری ماالکتب و لاالایمان (سورۂ شوریٰ، آیت 52، پارہ 25)

ترجمہ: تم نہ تو کتاب کو جانتے تھے اور نہ ایمان کو (ترجمہ: فتح محمد جالندھری، دیوبندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہیے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: اس سے پہلے نہ تم کتاب جانتے تھے نہ احکام شرع کی تفصیل

مولوی ابوالکلام آزاد نے اپنے ترجمۂ قرآن میں رسول پاک ﷺ کو ایمان سے لاعلم قرار دیا

اور ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لیے آسان کر دیا ہے، پھر کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟ (القرآن)

ترجمان القرآن

برصغیر کی بلند پایہ تفسیر ترجمان القرآن سے ماخوذ قرآن حکیم کا مبسوط ترجمہ

مترجم
امام الہند مولانا ابوالکلام آزادؒ

ترتیب وتدوین
ابوالفضل نوراحمد

ناشر
حکمتِ قرآن انسٹیٹیوٹ

اليه يرد - ٢٥ ﴿646﴾ الزخرف - ٤٣

وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ مَا كُنْتَ تَدْرِیْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِیْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِیْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَاِنَّكَ لَتَهْدِیْۤ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۙ

(۵۲) اور اسی طرح ہم نے اپنے امر سے ایک روح آپ کی طرف وحی کی ہے۔ آپ کو یہ خبر نہ تھی کہ کتاب کیا ہوتی ہے اور ایمان کیا ہوتا ہے۔ مگر ہم نے اس روح (قرآن) کو ایک ایسی روشنی بنایا ہے جس کے ذریعہ اپنے بندوں میں جس کو چاہتے ہیں راہ دکھاتے ہیں (اور اے پیغمبرؐ!) بلاشبہ تم صراط مستقیم کی طرف ہدایت کرنے والے ہو۔

صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ اَلَاۤ اِلَی اللّٰهِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ ۠

(۵۳) صراط اللہ یعنی اللہ کی راہ کی طرف، وہ اللہ کہ آسمان اور زمین میں جو کچھ ہے سب اسی کا ہے۔ ہاں یاد رکھو (کائنات خلقت) کے تمام کاموں کا مرجع اسی کی ذات ہے۔

سورۃ الزخرف مکی ہے اور اس میں نواسی آیتیں اور سات رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ — شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

حٰمٓ ۚ — (۱) حامیم۔

وَالْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ ۙ — (۲) اور کتاب روشن کی قسم۔

اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِیًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۚ — (۳) ہم نے اسے اس شکل میں بنایا کہ عربی زبان کا قرآن ہے تاکہ تم سمجھو بوجھو۔

وَاِنَّهٗ فِیْۤ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَیْنَا لَعَلِیٌّ حَكِیْمٌ ۞ — (۴) اور یقیناً یہ ہمارے پاس لوح محفوظ میں بڑی بلند مرتبہ اور پُر از حکمت کتاب ہے۔

اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِیْنَ ۞ — (۵) پھر کیا، اس وجہ سے ہم اس نصیحت کا رخ تم سے پھیر دیں کہ تم حد سے نکل جانے والی قوم ہو؟

وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ نَّبِیٍّ فِی الْاَوَّلِیْنَ ۞ — (۶) اور کتنے ہی نبی ہیں جو ہم نے پہلوں (یعنی ابتدائی عہد کی قوموں) میں مبعوث کیے۔

وَمَا یَاْتِیْهِمْ مِّنْ نَّبِیٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ یَسْتَهْزِءُوْنَ ۞ — (۷) اور کبھی کوئی نبی ان کے پاس نہیں آیا مگر وہ اس کا مذاق ہی اڑاتے رہے۔

القرآن: ماکنت تدری ماالکتب ولاالایمان (سورۂ شوریٰ، آیت 52، پارہ 25)


حٰمٓ ۲۶ ۱۱۱۹ الفتح ۴۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

(شروع) اللہ کے نام کے ساتھ جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝١ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ

بیشک (اے نبی ﷺ) ہم نے تمہیں ایک کھلی فتح عنایت کی ۱ ☆ تاکہ اللہ

مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ

تمہارے اگلے اور پچھلے گناہوں کو بخش دے اور اپنی نعمت تم پر پوری کرے اور

صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝٢ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ۝٣

تمہیں راہِ راست پر لے آئے ۲ ☆ اور اللہ تمہیں ایک زبردست مدد دے ۳ ☆

هُوَ الَّذِيْۤ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ

وہی ہے جس نے مسلمانوں کے دلوں میں اطمینان نازل فرمایا تاکہ ان کے ایمان

لِيَزْدَادُوْۤا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ۗ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ

پر ایمان بڑھ جائے اور اللہ ہی کیلئے ہیں لشکر آسمانوں کے اور زمین کے اور اللہ

وَالْاَرْضِ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝٤ لِّيُدْخِلَ

دانا حکمت والا ہے ۴ ☆ (اطمینان) اس لئے (نازل فرمایا) کہ اللہ مسلمان مردوں اور

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

مسلمان عورتوں کو ایسے باغوں میں داخل کرے جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں بہہ رہی

لَا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ○

آسان اردو ترجمہ کے ساتھ

اَلْقُرْاٰنُ الْكَرِيْم

مترجم

مرزا حیرت دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

ادارہ: اِشَاعَۃُ الْقُرْآن وَالْحَدِیْث

پاکستان

القرآن: لیغفر لک اللہ ماتقدم من ذنبک وما تاخر (سورۂ فتح، آیت 2، پارہ 26)

ترجمہ: تاکہ اللہ تمہارے اگلے اور پچھلے گناہوں کو بخش دے (ترجمہ: مرزا حیرت دہلوی، اہلحدیث)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہیے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنز الایمان میں کیا۔

ترجمہ کنز الایمان: تاکہ اللہ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں کے تمہارے پچھلوں کے۔

امام اہلسنت مولانا احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ کا ایمان افروز ترجمہ

”تا کہ اللہ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں کے اور تمہارے پچھلوں کے“

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور۔ کراچی۔ پاکستان

إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ۝ هُوَ الَّذِيْٓ أَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا إِيْمَانًا مَّعَ إِيْمَانِهِمْ ۗ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ۚ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝ وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ۚ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَأَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ۚ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝ إِنَّآ أَرْسَلْنٰكَ شٰهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ

القرآن: لیغفرلک اللہ ماتقدم من ذنبک وما تاخر (سورۂ فتح آیت 2، پارہ 26)

ترجمہ: تا کہ اللہ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں کے اور تمہارے پچھلوں کے

امام اہلسنت مولانا احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے جو ترجمہ فرمایا ہے وہ اپنی رائے سے نہیں بلکہ معتبر و مستند تفاسیر کے عین مطابق ہے۔

1۔ تفسیر کبیر: امام فخر الدین رازی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں کہ (اگر کوئی سوال کرے کہ) رسول پاک ﷺ سے کوئی گناہ سرزد نہیں ہوا پھر کس بات کی مغفرت ہوئی۔ ہم کہتے ہیں اس کا جواب متعدد وجوہ سے پہلے (تفسیر کبیر میں) بیان ہو چکا ہے۔ ایک توجیہ یہ ہے کہ یہاں مومنین کے گناہ مراد ہیں (تفسیر کبیر، جلد 28، ص 78)

2۔ تفسیر صاوی: امام صاوی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں کہ حضور ﷺ کی طرف ”ذنب“ کی نسبت کی تاویل یوں کی گئی ہے کہ اس سے امت کے گناہ مراد ہیں یا وہ اعمال صالحہ ہیں جنہیں مقربین اپنی شان کے مطابق گناہ تصور کرتے ہیں (تفسیر صاوی، جلد 4، ص 90)

3۔ تفسیر مظہری: قاضی ثناء اللہ پانی پتی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں ”وما تاخر من ذنبک“ سے امت کے گناہ مراد ہیں جو آپ ﷺ کی دعا سے معاف ہوئے (تفسیر مظہری)

اہلسنت کے ممتاز عالم دین محدث اعظم ہند علامہ سید محمد کچھوچھوی علیہ الرحمہ کا ایمان افروز ترجمہ:

"تا کہ بخش دے تمہارے سبب سے اللہ جو پہلے ہوئے تمہارے اور جو پچھلے ہیں"

الفتح ۴۸ ۷۱۳ حٰمٓ ۲۶

يُؤْتِكُمْ أُجُورَكُمْ وَلَا يَسْأَلْكُمْ أَمْوَالَكُمْ ﴿۳۶﴾ إِنْ يَسْأَلْكُمُوهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوا

تو دے گا تمہیں تمہارے ثوابوں کو اور نہ مانگ لے گا تمہارا سارا مال اگر مانگے تم سے وہ پھر بے انداز طلب

وَيُخْرِجْ أَضْغَانَكُمْ ﴿۳۷﴾ هَا أَنْتُمْ هَٰؤُلَاءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ

کرے تو بخل کرنے لگو گے اور یہ بخل ظاہر کردے گا تمہاری بدنیتوں کو یاد رکھو کہ یہ تم لوگ بلائے جاتے ہو کہ خرچ کرو اللہ

فَمِنْكُمْ مَنْ يَبْخَلُ ۖ وَمَنْ يَبْخَلْ فَإِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَفْسِهِ ۚ وَاللَّهُ الْغَنِيُّ وَأَنْتُمُ

کی راہ میں تو کوئی تمہارا ہے کہ بخل کرے اور جو بخل کرے تو وہ بخیلی کرتا ہے اپنے حق میں اور اللہ تو بے نیاز ہے اور تم لوگ

الْفُقَرَاءُ ۚ وَإِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُونُوا أَمْثَالَكُمْ ﴿۳۸﴾

اس کے حاجت مند ہو اور اگر تم لوگ روگردانی کرو تو وہ بدل لے گا دوسری قوم کو تمہارے سوا پھر وہ نہ ہوں گے تمہاری طرح

سورۃ الفتح — بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

سورۂ فتح مدنیہ — نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا — آیات ۲۹ رکوع ۴

إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِينًا ﴿۱﴾ لِيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ

بیشک ہم نے فتح دے دی تمہیں روشن فتح تا کہ بخش دے تمہارے سبب سے اللہ جو پہلے ہوئے تمہارے

وَمَا تَأَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُسْتَقِيمًا ﴿۲﴾

اور جو پچھلے ہیں اور پوری فرمادے اپنی نعمت کو تم پر اور چلاتا رہے تمہیں سیدھی راہ

وَيَنْصُرَكَ اللَّهُ نَصْرًا عَزِيزًا ﴿۳﴾ هُوَ الَّذِي أَنْزَلَ السَّكِينَةَ فِي

اور مدد فرمائے تمہاری اللہ زبردست مدد وہی ہے جس نے اتارا تسکین کو

قُلُوبِ الْمُؤْمِنِينَ لِيَزْدَادُوا إِيمَانًا مَعَ إِيمَانِهِمْ ۗ وَلِلَّهِ جُنُودُ

دلوں میں مسلمانوں کے تا کہ بڑھ جائیں اپنے ایمان پر ایمان میں اور اللہ ہی کا ہے سارا

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿۴﴾ لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِينَ

لشکر آسمانوں اور زمین کا اور اللہ علم والا حکمت والا ہے تا کہ داخل فرمائے ایمان والے مردوں

وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا وَ

اور عورتوں کو باغوں میں کہ بہتی ہیں جن کے نیچے نہریں ہمیشہ رہنے والے اس میں اور

يُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عِنْدَ اللَّهِ فَوْزًا عَظِيمًا ﴿۵﴾ وَ

اتار دے ان سے ان کی برائیوں کو اور یہ اللہ کے یہاں بڑی کامیابی ہے اور

منزل ۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ

قرآن مجید ترجمہ

مسمّٰی بہ

معارف القرآن

ترجمہ نگار

مخدوم الملت ابوالمحامد سید محمد محدث اعظم ہند کچھوچھوی

تاریخ تکمیل ترجمہ ہذا ... ذی الحجہ ۱۳۶۶ھ ...

ناشر

گلوبل اسلامک مشن انک

نیویارک ۔ یو۔ ایس۔ اے

زیر اہتمام

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور ۔ کراچی ۔ پاکستان

القرآن: لیغفر لک اللہ ماتقدم من ذنبک وما تاخر (سورۂ فتح، آیت 2، پارہ 26)

ترجمہ: تا کہ بخش دے تمہارے سبب سے اللہ جو پہلے ہوئے تمہارے اور جو پچھلے ہیں

15: القرآن: ووجدک ضآلاً فھدٰی (سورۃ الضحیٰ، آیت 8، پارہ 30)

ترجمہ: اور تجھے پایا بھٹکتا تو رستہ دکھایا (ترجمہ: عاشق الٰہی میرٹھی، دیوبندی)

ترجمہ: اور تمہیں ناواقف راہ پایا اور پھر ہدایت بخشی (ترجمہ: مودودی، دیوبندی)

ترجمہ: اور پایا تجھ کو راہ بھولا ہو اپس راہ دکھائی (ترجمہ: شاہ رفیع الدین دہلوی)

ترجمہ: اور پایا تم کو ناواقف راہ تو راہ دکھائی (ترجمہ: سید شبیر احمد، دیوبندی) (دورنگوں والا قرآن)

ترجمہ: اور تجھے راہ بھولا پا کر ہدایت نہیں دی (ترجمہ: سعودی عرب)

ترجمہ: اور پایا تجھ کو بھٹکتا پھر راہ سجھائی (ترجمہ: محمود الحسن، دیوبندی)

ترجمہ: اور رستے سے ناواقف دیکھا تو سیدھا رستہ دکھایا (ترجمہ: فتح محمد جالندھری، دیوبندی)

ترجمہ: اور اس نے تجھے راستے سے ناواقف پایا تو راستہ دکھادیا (ترجمہ: حافظ عبدالسلام بن محمد، اہلحدیث)

ترجمہ: اور تمہیں گم کردہ راہ پایا تو ہدایت کی (ترجمہ: مرزا حیرت دہلوی، اہلحدیث)

آپ نے مختلف مکاتب فکر کے مترجمین کے تراجم ملاحظہ فرمائیں۔ تمام مترجمین نے تراجم میں پیدائشی ہدایت یافتہ رسول ﷺ کو بھٹکتا ہوا، ناواقف راہ اور راہ سے بھولا ہوا لکھا۔

اب آپ علمائے اہلسنت کے تراجم ملاحظہ فرمائیں اور خود فیصلہ کریں کہ کس کا ترجمہ ایمان کے عین مطابق ہے۔

القرآن: ووجدک ضآلاً فھدٰی (سورۃ الضحیٰ، آیت 8، پارہ 30)

ترجمہ: اور تمہیں اپنی محبت میں خودرفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی (ترجمہ کنزالایمان: امام احمد رضا خان بریلوی علیہ الرحمہ)

ترجمہ: اور پایا تمہیں متوالا تو اپنی راہ دے دی (ترجمہ: محدث اعظم ہند سید محمد کچھوچھوی علیہ الرحمہ)

ترجمہ: اور آپ کو (اپنی محبت میں) گم پایا تو (اپنی طرف) راہ دی (ترجمہ البیان: علامہ سید احمد سعید کاظمی علیہ الرحمہ)

دیوبندی پیشوا مولوی عاشق الٰہی میرٹھی نے اپنے ترجمہ قرآن میں ہدایت یافتہ رسول ﷺ کو بھٹکتا ہوا لکھا

عم ۳۰ — ۷۲۳ — الضحیٰ ۹۳ الم نشرح ۹۴

وَلَسَوْفَ يَرْضَىٰ ﴿٢١﴾

رضا جوئی کو۔ اور بے شک وہ عنقریب راضی ہو گا

سُوْرَةُ الضُّحٰى مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — هِيَ اِحْدٰى عَشْرَةَ اٰيَةً

سورہ ضحیٰ مکہ میں نازل ہوئی۔ شروع اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑا رحم والا ہے۔ اور اس میں گیارہ آیتیں (اور) ایک رکوع ہے

وَالضُّحٰى ﴿١﴾ وَاللَّيْلِ اِذَا سَجٰى ﴿٢﴾ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ﴿٣﴾ وَ

قسم ہے چاشت کے وقت کی۔ اور قسم ہے رات کی جب (سب چیز کو) ڈھانک لے کہ نہ تجھے چھوڑا تیرے پروردگار

لَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ﴿٤﴾ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴿٥﴾

نے اور نہ بیزار ہوا اور البتہ آخرت کہیں بہتر ہے تیرے لئے دنیا سے۔ اور آگے چل کر تجھ کو اتنا کچھ دے

اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ﴿٦﴾ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ﴿٧﴾ وَ

گا تیرا پروردگار کہ تو راضی ہو جائے گا۔ کیا اس نے تجھے یتیم نہیں پایا پھر جگہ دی اور تجھے پایا بھٹکتا تو

وَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ﴿٨﴾ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ﴿٩﴾ وَاَمَّا

رستہ دکھا دیا اور تجھے مفلس پایا تو اس نے تو انگر بنا دیا تو یتیم پر ظلم نہ کرنا اور سائل کو

السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ﴿١٠﴾ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ﴿١١﴾

جھڑکنا نہیں۔ اور اپنے پروردگار کے احسان کا بیان کرتا رہ!

سُوْرَةُ الْاِنْشِرَاحِ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — وَهِيَ ثَمَانِ اٰيَاتٍ

سورہ انشراح مکہ میں نازل ہوئی۔ شروع اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑا رحم والا ہے۔ اور اس میں آٹھ آیتیں (اور) ایک رکوع ہے

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ﴿١﴾ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ﴿٢﴾ الَّذِيْ

کیا ہم نے تیرا سینہ نہیں کھول دیا اور اتار دیا تیرے اوپر سے تیرا بوجھ جس نے تیری کمر توڑ رکھی

اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ﴿٣﴾ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ﴿٤﴾ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ

تھی اور بلند کیا تیرا ذکر سو بے شک مشکل کے ساتھ آسانی

يُسْرًا ﴿٥﴾ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿٦﴾ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ﴿٧﴾ وَ

ہے بے شک مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔ تو جب تو فارغ ہو۔ پس (عبادت خدا میں) محنت

اِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ﴿٨﴾

اٹھا اور اپنے پروردگار کی طرف دل لگا۔

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ

القرآن الحکیم

مع ترجمہ از

مولانا عاشق الٰہی میرٹھی

تاج کمپنی لمیٹڈ کراچی لاہور راولپنڈی

طبع شدہ باہتمام ... منتظم تاج کمپنی لمیٹڈ

القرآن: ووجدک ضآلا فھدی (سورۃ الضحیٰ، آیت 8، پارہ 30)

ترجمہ: اور تجھے پایا بھٹکتا تو رستہ دکھایا اور تجھے مفلس پایا تو اس نے تو انگر بنا دیا (ترجمہ: عاشق الٰہی میرٹھی، دیوبندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہیے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمہ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: اور تمہیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی

شاہ رفیع الدین نے اپنے ترجمہ قرآن میں حضورﷺ کو راہ حق سے بھولا ہوا لکھا

القرآن الحکیم

مترجم

از مولانا شاہ رفیع الدین محدث دہلویؒ

تفسیر

از مولانا شاہ عبدالقادر صاحب محدث دہلویؒ

قدرت اللہ

عم ۳۰ — ۶۲۶ — الضحیٰ ۹۳ الم نشرح ۹۴

سورۃ الضحیٰ مکیۃ　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　آیاتہا ۱۱ رکوعہا ۱

سورۃ ضحیٰ مکہ میں نازل ہوئی اسمیں　شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے　گیارہ آیتیں اور ایک رکوع ہے

وَالضُّحٰى ۝۱ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۝۲ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ

قسم ہے دن چڑھے کی　اور رات کی　جب ڈھانک لیوے　نہیں چھوڑدیا تجھ کو رب تیرے نے

وَمَا قَلٰى ۝۳ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ۝۴

اور نہ ناخوش رکھا ٹ　اور البتہ پچھلی حالت بہتر ہے واسطے تیرے　پہلی حالت سے

وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۝۵ اَلَمْ يَجِدْكَ

اور البتہ شتاب　دیوے گا تجھ کو　پروردگار تیرا　پس راضی ہوگا　کیا نہیں پایا تجھ کو

يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۝۶ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ۝۷

یتیم　پس جگہ دی ٹ　اور پایا تجھ کو　راہ بھولا ہوا　پس راہ دکھائی ٹ

وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ۝۸ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ

اور پایا تجھ کو　فقیر　پس غنی کیا ٹ　پس جو　یتیم ہو

فَلَا تَقْهَرْ ۝۹ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝۱۰ وَاَمَّا

پس مت قہر کر　اور جو　مانگنے والا ہو　پس مت　ڈانٹ　اور جو

بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝۱۱ ع

نعمت　پروردگار تیرے کی ہے　پس بیان کر

سورۃ الم نشرح مکیۃ　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　آیاتہا ۸ رکوعہا ۱

سورۃ الم نشرح مکہ میں نازل ہوئی　شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے　اسمیں آٹھ آیتیں اور ایک رکوع ہے

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝۱ وَوَضَعْنَا عَنْكَ

کیا نہ　کھول دیا ہم نے واسطے تیرے　سینہ تیرا ٹ　اور اتار رکھا ہم نے تجھ سے

وِزْرَكَ ۝۲ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝۳ وَرَفَعْنَا لَكَ

بوجھ تیرا　جس نے توڑی تھی　پیٹھ تیری ٹ　اور بلند کیا ہم نے واسطے تیرے

ذِكْرَكَ ۝۴ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝۵ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ

ذکر تیرا ٹ　پس تحقیق ساتھ　سختی کے　آسانی ہے　تحقیق ساتھ سختی کے

يُسْرًا ۝۶ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝۷ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝۸ ع

آسانی ہے　پس جب فارغ ہو تو پس محنت کر بیچ عبادت کے　اور طرف رب اپنے کی پس رغبت کر ٹ

۹۳ : ۱ — منزل — ۹۴ : ۸

القرآن: ووجدک ضآلا فھدٰی (سورۃ الضحیٰ، آیت 8، پارہ 30)

ترجمہ: اور پایا تجھ کو راہ بھولا ہوا پس راہ دکھائی (ترجمہ: شاہ رفیع الدین دہلوی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہیے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمہ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: اور تمہیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی

دیوبندی پیشوا مولوی محمود الحسن نے اپنے ترجمہ قرآن میں ہدایت یافتہ رسول ﷺ کو راہ حق سے بھٹکتا ہوا لکھا

عمّ ۳۰ ۷۹۴ الضحیٰ ۹۳

وَإِنَّ لَنَا لَلْآخِرَةَ وَالْأُولَىٰ ﴿۱۳﴾ فَأَنذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظَّىٰ ﴿۱۴﴾

اور ہمارے ہاتھ میں ہے آخرت اور دنیا ف سو میں نے سنا دی تم کو خبر ایک بھڑکتی ہوئی آگ کی ف

لَا يَصْلَاهَا إِلَّا الْأَشْقَى ﴿۱۵﴾ الَّذِي كَذَّبَ وَتَوَلَّىٰ ﴿۱۶﴾ وَ

اُس میں وہی گرے گا جو بڑا بدبخت ہے جس نے جھٹلایا اور منہ پھیرا ف اور

سَيُجَنَّبُهَا الْأَتْقَى ﴿۱۷﴾ الَّذِي يُؤْتِي مَالَهُ يَتَزَكَّىٰ ﴿۱۸﴾ وَ

بچا دینگے اُس سے بڑے ڈر والے کو ف جو دیتا ہے اپنا مال دل پاک کرنے کو ف اور

مَا لِأَحَدٍ عِندَهُ مِن نِّعْمَةٍ تُجْزَىٰ ﴿۱۹﴾ إِلَّا ابْتِغَاءَ

نہیں کسی کا اُس پر احسان جس کا بدلہ دے مگر واسطے چاہنے

وَجْهِ رَبِّهِ الْأَعْلَىٰ ﴿۲۰﴾ وَلَسَوْفَ يَرْضَىٰ ﴿۲۱﴾

مرضی اپنے رب کی جو سب سے برتر ہے اور آگے وہ راضی ہوگا ف

سُورَةُ الضُّحَىٰ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ إِحْدَىٰ عَشْرَةَ آيَةً

سورۃ الضحیٰ مکہ میں نازل ہوئی اور اس کی گیارہ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالضُّحَىٰ ﴿۱﴾ وَاللَّيْلِ إِذَا سَجَىٰ ﴿۲﴾ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا

قسم دھوپ چڑھتے وقت کی اور رات کی جب چھا جائے نہ رخصت کر دیا تجھ کو تیرے رب نے اور نہ

قَلَىٰ ﴿۳﴾ وَلَلْآخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْأُولَىٰ ﴿۴﴾ وَلَسَوْفَ

بیزار ہوا ف اور البتہ پچھلی بہتر ہے تجھ کو پہلی سے ف اور آگے

يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ ﴿۵﴾ أَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيمًا فَآوَىٰ ﴿۶﴾ وَ

دیگا تجھ کو تیرا رب پھر تو راضی ہوگا ف بھلا نہیں پایا تجھ کو یتیم پھر جگہ دی ف اور

وَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدَىٰ ﴿۷﴾ وَوَجَدَكَ عَائِلًا فَأَغْنَىٰ ﴿۸﴾

پایا تجھ کو بھٹکتا پھر راہ سجھائی ف اور پایا تجھ کو مفلس پھر بے پروا کر دیا ف

منزل ۷

القرآن الحکیم

ترجمہ
شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن صاحب
تفسیر
شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی

تاج کمپنی لمیٹڈ لاہور کراچی

القرآن: ووجدک ضآلاً فھدیٰ (سورۃ الضحیٰ، آیت 8، پارہ 30)

ترجمہ: پایا تجھ کو بھٹکتا پھر راہ سجھائی (ترجمہ: مولوی محمود الحسن، دیوبندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہیے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنز الایمان میں کیا۔

ترجمہ کنز الایمان: اور تمہیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی

دیوبندی پیشوا مودودی نے اپنے ترجمہ میں حضور ﷺ کو راہ حق سے ناواقف اور بعد میں ہدایت کا ملنا لکھا

ترجمۂ قرآن مجید

مع مختصر حواشی

سیّد ابوالاعلیٰ مودودیؒ

ادارہ ترجمان القرآن (پرائیوٹ) لمیٹڈ

اُردو بازار، لاہور

اس کو ہم آسان راستے کے لیے سہولت دیں گے۔[۲] اور جس نے بخل کیا اور (اپنے خدا سے) بے نیازی برتی اور بھلائی کو جھٹلایا، اس کو ہم سخت راستے کے لیے سہولت دیں گے۔[۳] اور اس کا مال آخر اس کے کس کام آئے گا جب کہ وہ ہلاک ہو جائے؟

بے شک راستہ بتانا ہمارے ذمہ ہے، اور درحقیقت آخرت اور دنیا، دونوں کے ہم ہی مالک ہیں۔ پس میں نے تم کو خبردار کر دیا ہے بھڑکتی ہوئی آگ سے۔ اُس میں نہیں جھلسے گا مگر وہ انتہائی بد بخت جس نے جھٹلایا اور منہ پھیرا۔ اور اُس سے دُور رکھا جائے گا وہ نہایت پرہیزگار جو پاکیزہ ہونے کی خاطر اپنا مال دیتا ہے۔ اُس پر کسی کا کوئی احسان نہیں ہے جس کا بدلہ اُسے دینا ہو۔ وہ تو صرف اپنے ربِّ برتر کی رضا جوئی کے لیے یہ کام کرتا ہے۔ اور ضرور وہ (اُس سے) خوش ہوگا۔

سُورۃُ الضُّحٰی (مکّی)

اللہ کے نام سے جو بے انتہا مہربان اور رحم فرمانے والا ہے

قسم ہے روزِ روشن کی اور رات کی جب کہ وہ سکون کے ساتھ طاری ہو جائے، (اے نبیؐ) تمہارے ربّ نے تم کو ہرگز نہیں چھوڑا اور نہ وہ ناراض ہوا۔ اور یقیناً تمہارے لیے بعد کا دور پہلے دور سے بہتر ہے، اور عن قریب تمہارا ربّ تم کو اتنا دے گا کہ تم خوش ہو جاؤ گے۔ کیا اُس نے تم کو یتیم نہیں پایا اور پھر ٹھکانا فراہم کیا؟ اور تمہیں ناواقفِ راہ پایا اور پھر ہدایت بخشی۔ اور تمہیں نادار پایا اور پھر مالدار کر دیا۔

متضاد ہیں اسی طرح تم لوگ جن راہوں اور مقاصد میں اپنی کوششیں صرف کر رہے ہو وہ بھی اپنی نوعیت کے لحاظ سے مختلف اور اپنے نتائج کے اعتبار سے متضاد ہیں۔

[۲] یعنی اس راستے پر چلنا اس کے لیے آسان کر دیں گے جو انسان کی فطرت کے مطابق ہے۔

[۳] یعنی فطرت کے خلاف چلنا اس کے لیے آسان کر دیں گے۔

القرآن: ووجدک ضالاً فھدٰی (سورۃ الضحیٰ، آیت 8، پارہ 30)

ترجمہ: اور تمہیں ناواقف راہ پایا اور پھر ہدایت بخشی۔ (ترجمہ: مولوی مودودی، دیوبندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمہ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: اور تمہیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی

سعودی ترجمہ قرآن میں مترجم نے راہ حق دکھلانے والے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو راہ حق سے بھولا لکھا

یہ قرآن شریف مع ترجمہ و تفسیر خادم حرمین شریفین
شاہ فہد بن عبد العزیز آل سعود کی طرف سے ہدیہ ہے

قرآن کریم
مع اردو ترجمہ و تفسیر

شاہ فہد قرآن کریم پرنٹنگ کمپلیکس

عم ۳۰ — ۱۷۲۷ — الشرح ۹۴

أَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيمًا فَآوَىٰ ۝ — کیا اس نے تجھے یتیم پاکر جگہ نہیں دی؟[1] (۶)

وَوَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدَىٰ ۝ — اور تجھے راہ بھولا پاکر ہدایت نہیں[2] دی۔ (۷)

وَوَجَدَكَ عَائِلًا فَأَغْنَىٰ ۝ — اور تجھے نادار پاکر تونگر نہیں بنا دیا؟[3] (۸)

فَأَمَّا الْيَتِيمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝ — پس یتیم پر تو بھی سختی نہ کیا کر۔[4] (۹)

وَأَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝ — اور نہ سوال کرنے والے کو ڈانٹ ڈپٹ۔[5] (۱۰)

وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝ — اور اپنے رب کی نعمتوں کو بیان کرتا رہ۔[6] (۱۱)

سُورَةُ الشَّرْح — سورۂ الم نشرح مکی ہے اور اس میں آٹھ آیتیں ہیں۔

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ — شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ — کیا ہم نے تیرا سینہ نہیں کھول دیا۔[7] (۱)

اپنی امت کے گناہ گاروں کے لیے لے گا۔

(۱) یعنی باپ کے سہارے سے بھی تو محروم تھا، ہم نے تیری دست گیری اور چارہ سازی کی۔

(۲) یعنی تجھے دین شریعت اور ایمان کا پتہ نہیں تھا، ہم نے تجھے راہ یاب کیا، نبوت سے نوازا اور کتاب نازل کی، ورنہ اس سے قبل تو ہدایت کے لیے سرگرداں تھا۔

(۳) تونگر کا مطلب ہے، اپنے سوا تجھ کو ہر ایک سے بے نیاز کر دیا، پس تو فقر میں صابر اور غنا میں شاکر رہا، جیسے خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی فرمان ہے کہ "تونگری، سازو سامان کی کثرت کا نام نہیں ہے، اصل تونگری دل کی تونگری ہے۔
(صحیح مسلم، کتاب الزکوٰۃ، باب لیس الغنی عن کثرۃ العرض)

(۴) بلکہ اس کے ساتھ نرمی و احسان کا معاملہ کر۔

(۵) یعنی اس سے سختی اور تکبر نہ کر، نہ درشت اور تلخ لہجہ اختیار کر۔ بلکہ جواب بھی دینا ہو تو پیار اور محبت سے دو۔

(۶) یعنی اللہ نے تجھ پر جو احسانات کیے ہیں، مثلاً ہدایت اور رسالت و نبوت سے نوازا، یتیمی کے باوجود تیری کفالت و سرپرستی کا انتظام کیا، تجھے قناعت و تونگری عطا کی وغیرہ، انہیں جذبات تشکر و ممنونیت کے ساتھ بیان کرتا رہ۔ اس سے معلوم ہوا کہ اللہ کے انعامات کا تذکرہ اور ان کا اظہار اللہ کو پسند ہے لیکن تکبر اور فخر کے طور پر نہیں بلکہ اللہ کے فضل و کرم اور اس کے احسان سے زیر بار ہوتے ہوئے اور اس کی قدرت و طاقت سے ڈرتے ہوئے کہ کہیں وہ ہمیں ان نعمتوں سے محروم نہ کر دے۔

(۷) گزشتہ سورت میں تین انعامات کا ذکر تھا، اس سورت میں مزید تین احسانات جتلائے جا رہے ہیں۔ سینہ کھول دینا

القرآن: ووجدک ضالا فھدی (سورۃ الضحیٰ، آیت 8، پارہ 30)

ترجمہ: اور تجھے راہ بھولا پاکر ہدایت نہیں دی۔ (ترجمہ: سعودی عرب)

یہ ترجمہ صحیح نہیں ہے اور نہ ہی من مانی تفسیر صحیح ہے۔ جس میں واضح طور پر رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق لکھا کہ وہ دین، شریعت اور ایمان تک نہ جانتے تھے۔ ایسی تفسیر گمراہیت کی طرف لے جاتی ہے جبکہ صحیح ترجمہ وہ ہے جو امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمہ کنز الایمان میں کیا۔

ترجمہ کنز الایمان: اور تمہیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی

دیوبندی مولوی فتح محمد جالندھری نے اپنے ترجمہ قرآن میں پیدائشی ہدایت یافتہ رسول ﷺ کو راستے سے ناواقف لکھا

القرآن الحکیم	مع ترجمہ فتح الحمید
وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ﴿۲﴾	اور رات (کی تاریکی) کی جب چھا جائے ﴿۲﴾
مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ﴿۳﴾	(اے محمد) تمہارے پروردگار نے نہ تو تم کو چھوڑا اور نہ (تم سے) ناراض ہوا ﴿۳﴾
وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ﴿۴﴾	اور آخرت تمہارے لئے پہلی (حالت یعنی دنیا) سے کہیں بہتر ہے ﴿۴﴾
وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴿۵﴾	اور تمہیں پروردگار عنقریب وہ کچھ عطا فرمائے گا کہ تم خوش ہو جاؤ گے ﴿۵﴾
اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ﴿۶﴾	بھلا اس نے تمہیں یتیم پا کر جگہ نہیں دی (بے شک دی) ﴿۶﴾
وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ﴿۷﴾	اور رستے سے ناواقف دیکھا تو سیدھا رستہ دکھایا ﴿۷﴾
وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ﴿۸﴾	اور تنگ دست پایا تو غنی کر دیا ﴿۸﴾
فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ﴿۹﴾	تو تم بھی یتیم پر ستم نہ کرنا ﴿۹﴾
وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ﴿۱۰﴾	اور مانگنے والے کو جھڑکی نہ دینا ﴿۱۰﴾
وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ﴿۱۱﴾	اور اپنے پروردگار کی نعمتوں کا بیان کرتے رہنا ﴿۱۱﴾
سُوْرَةُ الْاِنْشِرَاحِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانِ اٰيَاتٍ	سورۂ انشراح مکی ہے اور اس میں آٹھ آیتیں ہیں
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔
اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ﴿۱﴾	(اے محمد) کیا ہم نے تمہارا سینہ کھول نہیں دیا (بے شک کھول دیا) ﴿۱﴾
وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ﴿۲﴾	اور تم پر سے بوجھ بھی اتار دیا ﴿۲﴾
الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ﴿۳﴾	جس نے تمہاری پیٹھ توڑ رکھی تھی ﴿۳﴾
وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ﴿۴﴾	اور تمہارا ذکر بلند کیا ﴿۴﴾

ف [illegible]

القرآن: و وجدک ضآلاً فھدیٰ (سورۃ الضحیٰ، آیت 8، پارہ 30)

ترجمہ: اور رستے سے ناواقف دیکھا تو سیدھا رستہ دکھایا (ترجمہ: فتح محمد جالندھری، دیوبندی)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہئے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمہ قرآن کنز الایمان میں کیا۔

ترجمہ کنز الایمان: اور تمہیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی

دیوبندیوں کا مشہور ''دورنگوں والا قرآن'' جس میں مترجم نے حضور علیہ ﷺ کو راہِ حق سے ناواقف لکھا

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ

قرآن حکیم

اردو ترجمہ

مرتبہ: مولانا سیّد شبیّر احمدؒ

قرآن آسان تحریک لاہور - پاکستان

الضحیٰ ۱۰۷۳

وَمَا قَلٰى ③	اور نہ وہ ناراض ہوا ③
وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ④	اور یقیناً بعد کا دور بہتر ہے تمہارے لیے پہلے دور سے ④
وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ	اور عنقریب (وہ کچھ) عطا کرے گا تمہیں
رَبُّكَ فَتَرْضٰى ⑤	تمہارا رب کہ خوش ہو جاؤ گے تم ⑤
اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ⑥	کیا نہیں پایا تمہارے رب نے تم کو یتیم پھر ٹھکانا فراہم کیا ⑥
وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ⑦	اور پایا تم کو ناواقف راہ تو راہ دکھائی ⑦
وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ⑧	اور پایا تم کو تنگدست سو غنی کر دیا ⑧
فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ⑨	لہٰذا یتیم پر سختی نہ کرنا ⑨
وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ⑩	اور جو سوالی ہو اسے نہ جھڑکنا ⑩
وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ⑪	اور جو نعمتیں ہیں تمہارے رب کی ان کو خوب بیان کرتے رہنا ⑪

آیاتہا (۹۴) سُوْرَةُ الْاِنْشِرَاحِ مَكِّيَّةٌ (۱۲) رکوعہا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ①	(اے محمد) کیا نہیں کھول دیا ہم نے تمہاری خاطر تمہارا سینہ ①
وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ②	اور اتار دیا ہم نے تم پر سے بوجھ تمہارا ②
الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ③	وہ بوجھ جو توڑے دے رہا تھا تمہاری کمر ③
وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ④	اور بلند کر دیا ہم نے تمہاری خاطر تمہارا ذکر ④
فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ⑤	تو بے شک مشکل کے ساتھ آسانی بھی ہے ⑤

القرآن: ووجدک ضآلاً فھدٰی (سورۃ الضحیٰ، آیت 8، پارہ 30)

ترجمہ: اور پایا تم کو ناواقف راہ تو راہ دکھائی۔ (ترجمہ: شبیر احمد، دیوبندی (دورنگوں والا قرآن)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہیے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمہ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: اور تمہیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی

اہلحدیث مولوی نے اپنے ترجمہ قرآن میں حضور ﷺ کو راہ حق سے ناواقف لکھا

الضحیٰ ۹۳ الانشراح ۹۴ — ۷۹۲ — پارہ ۳۰

وَمَا لِأَحَدٍ عِندَهُ مِن نِّعْمَةٍ تُجْزَىٰ ﴿۱۹﴾	حالانکہ اس کے ہاں کسی کا کوئی احسان نہیں ہے کہ اس کا بدلہ دیا جائے۔
إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْأَعْلَىٰ ﴿۲۰﴾	مگر (وہ تو صرف) اپنے اس رب کا چہرہ طلب کرنے کے لیے (دیتا ہے) جو سب سے بلند ہے۔
وَلَسَوْفَ يَرْضَىٰ ﴿۲۱﴾	اور یقیناً عنقریب وہ راضی ہو جائے گا۔

آیاتہا ۱۱ — سُوْرَۃُ الضُّحٰی مَکِّیَّۃٌ — رکوعہا ۱

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ	اللہ کے نام سے جو بے حد رحم والا، نہایت مہربان ہے۔
وَالضُّحَىٰ ﴿۱﴾	قسم ہے دھوپ چڑھنے کے وقت کی!
وَاللَّيْلِ إِذَا سَجَىٰ ﴿۲﴾	اور رات کی جب وہ چھا جائے!
مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَىٰ ﴿۳﴾	نہ تیرے رب نے تجھے چھوڑا اور نہ وہ ناراض ہوا۔
وَلَلْآخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْأُولَىٰ ﴿۴﴾	اور یقیناً پیچھے آنے والی حالت تیرے لیے پہلی سے بہتر ہے۔
وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ ﴿۵﴾	اور یقیناً عنقریب تیرا رب تجھے عطا کرے گا، پس تو راضی ہو جائے گا۔
أَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيمًا فَآوَىٰ ﴿۶﴾	کیا اس نے تجھے یتیم نہیں پایا، پس جگہ دی۔
وَوَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدَىٰ ﴿۷﴾	اور اس نے تجھے راستے سے ناواقف پایا تو راستہ دکھایا۔
وَوَجَدَكَ عَائِلًا فَأَغْنَىٰ ﴿۸﴾	اور اس نے تجھے تنگدست پایا تو غنی کر دیا۔
فَأَمَّا الْيَتِيمَ فَلَا تَقْهَرْ ﴿۹﴾	پس لیکن یتیم، پس (اس پر) سختی نہ کر۔
وَأَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ ﴿۱۰﴾	اور لیکن سائل، پس (اسے) مت جھڑک۔
وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ﴿۱۱﴾	اور لیکن اپنے رب کی نعمت، پس (اسے) بیان کر۔

آیاتہا ۸ — سُوْرَۃُ الْاِنْشِرَاحِ مَکِّیَّۃٌ — رکوعہا ۱

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ	اللہ کے نام سے جو بے حد رحم والا، نہایت مہربان ہے۔
أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ﴿۱﴾	کیا ہم نے تیرے لیے تیرا سینہ نہیں کھول دیا۔
وَوَضَعْنَا عَنكَ وِزْرَكَ ﴿۲﴾	اور ہم نے تجھ سے تیرا بوجھ اتار دیا۔

القرآن: ووجدک ضالاً فھدیٰ (سورۃ الضحیٰ، آیت 8، پارہ 30)

ترجمہ: اور اس نے تجھے راستے سے ناواقف پایا تو راستہ دکھایا۔ (ترجمہ: حافظ عبدالسلام بن محمد، اہلحدیث)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہیے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمہ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: اور تمہیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی

اہلحدیث مولوی نے اپنے ترجمۂ قرآن میں پیدائشی ہدایت یافتہ رسول ﷺ کو گم کردہ راہی اور راہ حق سے بھولا ہوا لکھا

لَا یَمَسُّہٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ۝

آسان اردو ترجمہ کے ساتھ

اَلْقُرْاٰنُ الْکَرِیْم

مترجم

مرزا حیرت دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

ادارہ: اِشَاعَۃُ الْقُرْاٰنِ وَالْحَدِیْث

پاکستان

الضحیٰ ۹۳ — ۱۳۰۴ — عم ۳۰

وَتَوَلّٰی ۝ وَسَیُجَنَّبُهَا الْاَتْقَی ۝ الَّذِیْ یُؤْتِیْ مَالَهٗ

لے ۱۶ ☆ اور عنقریب اس سے وہ دور رکھا جائیگا جو پرہیزگار ہے ۱۷ ☆ جو اپنا مال (اپنے) پاک ہونے کیلئے

یَتَزَکّٰی ۝ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓی ۝ اِلَّا

دیتا ہے ۱۸ ☆ اور اللہ کے ہاں کسی کا کچھ احسان نہیں تھا جس کا وہ بدلہ چکاتا ۱۹ ☆ بجز صرف

ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰی ۝ وَلَسَوْفَ یَرْضٰی ۝

اپنے بزرگ پروردگار کی رضامندی حاصل کرنے کیلئے ۲۰ ☆ اور عنقریب وہ راضی ہو جائیگا ۲۱ ☆

سُوْرَۃُ الضُّحٰی مَکِّیَّۃٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اِحْدٰی عَشَرَۃَ اٰیَةً

(شروع) اللہ کے نام کے ساتھ جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے

وَالضُّحٰی ۝ وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی ۝ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰی ۝

قسم دن چڑھے کی ۱ ☆ اور رات کی جب وہ چھا جائے ۲ ☆ کہ تمہیں تمہارے پروردگار نے نہ چھوڑا ہے اور نہ بیزار ہوا ہے ۳ ☆

وَلَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰی ۝ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ

اور بیشک آخرت تمہارے لئے دنیا سے بہتر ہے ۴ ☆ اور بیشک عنقریب تمہارا پروردگار تمہیں دیگا پس تم راضی ہو

فَتَرْضٰی ۝ اَلَمْ یَجِدْكَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی ۝ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰی ۝

جاؤ گے ۵ ☆ کیا اللہ نے تم کو یتیم نہیں پایا پس تم کو جگہ دی ۶ ☆ اور تمہیں گم کردہ راہ پایا تو ہدایت کی ۷ ☆

وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی ۝ فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝

اور تمہیں تنگ دست پایا تو (تمہیں) غنی کر دیا ۸ ☆ سو تم یتیم پر ظلم نہ کرو ۹ ☆

القرآن: ووجدک ضآلا فھدیٰ (سورۃ الضحیٰ، آیت 8، پارہ 30)

ترجمہ: اور تمہیں گم کردہ راہ پایا تو ہدایت کی۔ (ترجمہ: مرزا حیرت دہلوی، اہلحدیث)

جبکہ صحیح ترجمہ یوں ہونا چاہیے جو کہ امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے ترجمۂ قرآن کنزالایمان میں کیا۔

ترجمہ کنزالایمان: اور تمہیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی

امام اہلسنت مولانا احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ کا ایمان افروز ترجمہ

''اور تمہیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی''

کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن

ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور۔ کراچی۔ پاکستان

وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى

اور تمہیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی

القرآن: ووجدك ضالا فهدىٰ o (سورۂ والضحیٰ آیت 7، پارہ 30)

ترجمہ: اور تمہیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی

امام اہلسنت مولانا احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے جو ترجمہ فرمایا ہے وہ اپنی رائے سے نہیں بلکہ معتبر و مستند تفاسیر کے عین مطابق ہے۔

تفسیر قرطبی: امام قرطبی علیہ الرحمہ اپنی مشہور تفسیر الجامع الکلام للبیان الاحکام میں لکھتے ہیں ''وقيل ووجدك محبا للهداية فهداك ابها ويكون الضلال بمعنى المحبة ومنه قوله تعالىٰ انك لفى ضلالك القديم'' آپ ﷺ کو اپنی محبت کی تلاش کرنے میں وارفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی، یہاں ضلال بمعنی محبت ہے۔

تفسیر عزیزی: اور بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ (اس آیت میں) ضلال سے مراد محبت اور مرتبہ عشق ہے جیسا کہ یعقوب کے بیٹوں نے ان کی یوسف سے محبت کو اس لفظ (ضلال) سے تعبیر کیا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ بیٹے بولے خدا کی قسم آپ اپنی خود رفتگی میں ہیں اور (اس آیت میں) ہدایت سے مراد محبوب حقیقی کے وصال کا راستہ بتاتا ہے (تفسیر عزیزی، ص 221)

قارئین کرام آپ کے سامنے واضح ہو گیا کہ ضلال یا ضالا کے معنی بھٹکنے اور بے راہ ہونے یا ناواقف راہ اور بے خبری کے نہیں بلکہ محبت کے ہیں

اہلسنت کے ممتاز عالم دین محدث اعظم ہند علامہ سید محمد کچھوچھوی کا ایمان افروز ترجمہ:

”اور تمہیں پایا متوالا تو اپنی راہ دی“

الضحیٰ ۹۳ الم نشرح ۹۴ التین ۹۵ — ۷۱۶ — عم ۳۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سورۃ الضحیٰ مکیۃ — آیات ۱۱ رکوع ۱

وَالضُّحٰى ۝ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۝ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ۝ وَ

قسم ہے اس چمکیلی — اور اس سیاہی والی کی جب ڈھانپ لے — کہ نہ چھوڑا تمہیں تمہارے رب نے اور نہ ناپسند فرمایا اور

لَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ۝ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۝

یقیناً پچھلی بہتر ہے تمہارے لیے پہلی سے — اور یقیناً عنقریب دے گا تمہیں تمہارا رب کہ تم راضی ہو جاؤ گے

اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۝ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ۝ وَوَجَدَكَ

کیا نہیں پایا تمہیں در یتیم تو خود ٹھکانہ دیا — اور پایا تمہیں متوالا تو اپنی راہ دے دی — اور پایا تمہیں

عَآىِٕلًا فَاَغْنٰى ۝ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝ وَاَمَّا السَّآىِٕلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝

عیال والا پھر غنی کر دیا — تو یتیم پر — تو دباؤ نہ ڈالو — اور رہے بھکاری تو انہیں جھڑکو نہیں

وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝

اور رہی اپنے رب کی نعمت تو اس کا خوب چرچا کرو

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سورۃ الانشراح مکیۃ — آیات ۸ رکوع ۱

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ

کیا نہیں کھول دیا ہم نے تمہارے لیے تمہارا سینہ — اور اتار رکھا تم سے تمہارا بوجھ — جس نے توڑ رکھی تھی تمہاری

ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ

پشت کو — اور بلند فرما دیا ہم نے تمہارے لیے تمہارے ذکر کو تو بیشک دشواری کے ساتھ آسانی ہے بیشک دشواری کے

الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

ساتھ آسانی ہے — تو جب نماز سے فراغت پا لی تم نے تو دعا کے لیے محنت کرو اور اپنے رب ہی کی طرف توجہ کرو

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سورۃ التین مکیۃ — آیات ۸ رکوع ۱

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۝

قسم ہے انجیر کی اور زیتون کی — اور مقام سینا کے طور کی — اور اس امان والے شہر کی

منزل ۷

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ

ترجمہ قرآن مجید

مسمّٰی بہ

معارف القرآن

ترجمہ نگار

مخدوم الملت ابو المحامد سید محمد حضور محدث اعظم ہند کچھوچھوی طاب ثراہ و نور مرقدہ

تاریخ تکمیل ترجمہ ہذا ۲۰ ذی الحجہ ۱۳۶۶ھ لیلۃ الاولیٰ قبل العشاء

ناشر

گلوبل اسلامک مشن انک

نیویارک۔ یو۔ ایس۔ اے

زیر اہتمام

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور۔ کراچی۔ پاکستان

القرآن: ووجدک ضالاً فھدیٰ (سورۃ الضحیٰ، آیت 8، پارہ 30)

ترجمہ: اور پایا تمہیں متوالا تو اپنی راہ دے دی

اہلسنت کے ممتاز عالم دین علامہ سید احمد سعید کاظمی علیہ الرحمہ کا ایمان افروز ترجمہ:

"اور آپ کو (اپنی محبت میں) گم پایا تو (اپنی طرف) راہ دی"

عم ۳۰ | ۸۹۲ | الضحیٰ ۹۳

اِنَّ عَلَیْنَا لَلْهُدٰی ﴿۱۲﴾ وَ اِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَ الْاُوْلٰی ﴿۱۳﴾

بیشک راہ دکھانا ضرور ہمارے ذمۂ کرم پر ہے (۱۲) اور بیشک ہم ہی مالک ہیں آخرت اور دنیا کے (۱۳)

فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰی ﴿۱۴﴾ لَا یَصْلٰىهَاۤ اِلَّا الْاَشْقَی ﴿۱۵﴾

تو میں نے تمہیں خبردار کر دیا بھڑکتی آگ سے (۱۴) اس میں نہ جائے گا مگر بڑا بدبخت (۱۵)

الَّذِیْ كَذَّبَ وَ تَوَلّٰی ﴿۱۶﴾ وَ سَیُجَنَّبُهَا الْاَتْقَی ﴿۱۷﴾ الَّذِیْ

جس نے (حق کو) جھٹلایا اور (اس سے) منہ پھیرا (۱۶) اور اس (آگ) سے بہت دور رکھا جائے گا سب سے بڑا پرہیزگار (۱۷) جو اپنا مال

یُؤْتِیْ مَالَهٗ یَتَزَكّٰی ﴿۱۸﴾ وَ مَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ

(راہ خدا میں) دیتا ہے تاکہ (دل) پاک ہو (۱۸) اور کسی کا اس پر کچھ احسان نہیں جس کا

تُجْزٰۤی ﴿۱۹﴾ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰی ﴿۲۰﴾ وَ لَسَوْفَ یَرْضٰی ﴿۲۱﴾

بدلہ دیا جائے (۱۹) وہ تو اپنا مال دیتا ہے صرف اپنے رب کی رضا طلب کرنے کے لیے جو سب سے برتر ہے (۲۰) اور ضرور وہ عنقریب راضی ہوگا (۲۱)

آیاتہا ۱۱ — (۹۳) سُوْرَةُ الضُّحٰی مَكِّیَّةٌ (۱۱) — رکوعہا ۱

سورۂ ضحیٰ مکی ہے اس میں گیارہ آیتیں اور ایک رکوع ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ نہایت رحمت والے بے حد رحم فرمانے والے کے نام سے

وَ الضُّحٰی ﴿۱﴾ وَ الَّیْلِ اِذَا سَجٰی ﴿۲﴾ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَ مَا

قسم چاشت کی (۱) اور رات کی جب (تاریکی کا) پردہ ڈالے (۲) آپ کے رب نے آپ کو نہیں چھوڑا اور نہ وہ آپ سے

قَلٰی ﴿۳﴾ وَ لَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰی ﴿۴﴾ وَ لَسَوْفَ

بیزار ہوا (۳) اور بیشک ہر بعد والی (گھڑی) آپ کے لیے پہلی سے بہتر ہے (۴) اور بیشک عنقریب آپ

یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی ﴿۵﴾ اَلَمْ یَجِدْكَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی ﴿۶﴾

کا رب آپ کو اتنا دے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے (۵) کیا اس نے آپ کو یتیم نہ پایا پھر آپ کو ٹھکانا دیا (۶)

وَ وَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰی ﴿۷﴾ وَ وَجَدَكَ عَآىِٕلًا فَاَغْنٰی ﴿۸﴾

اور آپ کو (اپنی محبت میں) گم پایا تو (اپنی طرف) راہ دی (۷) اور آپ کو حاجت مند پایا تو غنی فرما دیا (۸)

فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْهَرْ ﴿۹﴾ وَ اَمَّا السَّآىِٕلَ فَلَا تَنْهَرْ ﴿۱۰﴾

تو یتیم پر آپ شدت نہ فرمائیں (۹) اور سائل کو نہ جھڑکیں (۱۰)

منزل ۷

خَلَقَ الْاِنْسَانَ ﴿۳﴾ عَلَّمَهُ الْبَیَانَ ﴿۴﴾

القرآن الحکیم

مع ترجمہ

البیان

از

امام اہلسنت غزالی زماں رازی دوراں

حضرت علامہ سید احمد سعید کاظمی رحمۃ اللہ علیہ

بانی و شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ عربیہ انوار العلوم ملتان

کاظمی پبلیکیشنز، کچہری روڈ، ملتان

القرآن: ووجدک ضآلا فھدی (سورۃ الضحیٰ، آیت 8، پارہ 30)

ترجمہ: اور آپ کو (اپنی محبت میں) گم پایا تو (اپنی طرف) راہ دی۔

حرف آخر

محترم حضرات! آپ لوگوں نے مختلف مکاتب فکر کے علماء کے تراجم ملاحظہ فرمائے اور آخر میں امام اہلسنت مولانا احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ کا ترجمۂ قرآن کنزالایمان ملاحظہ فرمایا۔ آپ خود فیصلہ کریں کون سے ترجمۂ قرآن میں مترجمین نے بے احتیاطی سے کام لیتے ہوئے گستاخی اور بے ادبی کی ہے۔ امام اہلسنت مولانا احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ نے اپنے ترجمہ میں بہت محتاط انداز اپناتے ہوئے تعظیم وادب پر مبنی ترجمہ کیا ہے۔

دیگر تراجم کو پڑھ کر غیر مسلم ہندو، سکھ، عیسائی اور یہودی یہ سوال کرتے ہیں۔ کیا تم مسلمانوں کا پروردگار ٹھٹھا، مذاق اور ہنسی کرتا ہے؟ کیا تمہارے پروردگار نے ایمان والوں کو جانا ہی نہیں؟ کیا تمہارے پروردگار کا جسم ہے جو وہ عرش پر چڑھتا اور بیٹھتا ہے؟ کیا تمہارا پروردگار بھولتا بھی ہے؟ کیا تمہارا پروردگار مکر وفریب بھی کرتا ہے؟ کیا تمہارے نبی ایمان بھی نہ جانتے تھے؟ کیا تمہارے نبی بھٹکے ہوئے تھے؟ کیا تمہارے نبی سے گناہ بھی سرزد ہوگئے جن کو تمہارے خدا نے معاف کردیا؟ (معاذ اللہ ثم معاذ اللہ)

ترجمۂ کنزالایمان پڑھنے کے بعد کافروں کی طرف سے اس قسم کے سوالات قائم نہیں ہوتے کیونکہ اس ترجمہ میں اللہ ورسول عزوجل وﷺ کی شان وعظمت کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔ لہٰذا میری تمام مسلمانوں سے گزارش ہے کہ وہ جب بھی ترجمہ قرآن پڑھیں تو ترجمۂ کنزالایمان پڑھیں اور اس ترجمہ کو سمجھنے کے لئے مختصر اور جامع تفسیر ''تفسیر خزائن العرفان'' یا ''تفسیر نور العرفان'' کا مطالعہ ضرور کریں تاکہ آپ قرآن مجید کی آیات کا صحیح مطلب ومفہوم سمجھ سکیں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو قرآن پاک سمجھ کر عمل کرنے کی توفیق دے اور ہم سب کے ایمان کی حفاظت فرمائے۔

آمین ثم آمین

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان
محدث بریلوی علیہ الرحمہ کا ایک سوانحی خاکہ

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی علیہ الرحمہ مورخہ 10 شوال المکرم 1272ھ مطابق 14 جون 1856ء کو ہندوستان کے مشہور و معروف شہر بریلی (اتر پردیش) میں پیدا ہوئے۔ متفقہ رائے سے نومولود بچے کا نام محمد رکھا گیا اور تاریخی اسم گرامی المختار تجویز کیا گیا۔

حسب و نسب:

ان کے آباؤ اجداد قندھار کے قبیلہ بڑیچ کے معزز پٹھان تھے اور وہ شاہان مغلیہ کے دور میں لاہور آئے اور باعزت عہدوں پر فائز رہے۔ لاہور کا شیش محل انہیں لوگوں کی جاگیر تھی۔ چند دنوں کے بعد وہاں سے منتقل ہو کر ہندوستان آ گئے۔

تعلیم و تربیت:

انہوں نے علم و فنون معقول و منقول کی بیشتر تحصیل اپنے والد گرامی حضرت مولانا شاہ نقی علی خان علیہ الرحمہ کی خدمت میں رہ کر فرمائی۔ اس کے علاوہ مولانا سید شاہ آل رسول مارہروی، علامہ عبدالعلی رامپوری، مولانا شاہ ابوالحسین نوری اور علامہ غلام عبدالقادر بیگ بریلوی علیہم الرحمہ سے بھی استفادہ فرمایا اور ان حضرات کی صحبت میں رہ کر علم و فضل، زہد و تقویٰ، حلم و بردباری، دین و کمال و فقاہت، عشق رسالت، توقیر سیادت اور دیگر علوم و فنون کی بھٹی میں تپ کر جب تیار ہوئے تو دنیا نے دیکھا کہ چودھویں صدی ہجری میں ان کا کوئی ثانی نہ تھا اور صرف 13 سال کی عمر شریف میں ہی یعنی 14 شعبان المعظم 1286ھ کو فارغ التحصیل ہو گئے۔ نیز اسی روز سے رضاعت کے بارے میں فتویٰ لکھ کر فتاویٰ نویسی کا آغاز فرمایا۔ پھر جو والد گرامی نے اس قدر ذوق و شوق اور طبیعت کے میلان کا رجحان دیکھا تو افتاء سے متعلق تمام ذمہ داریاں آپ کے سپرد کر دیں۔

علمی مہارت:

متعدد کتابوں میں اس بات کا ذکر ہے کہ انہیں پچاس سے زیادہ علوم و فنون پر کامل دسترس حاصل تھی چنانچہ وہ خود اپنے

رسالہ ''الافادۃ الرضویہ'' میں 54 علوم وفنون کا ذکر فرماتے ہیں اور بعض محققین نے ان کا شمار ستر تک بتایا ہے۔

بحیثیت کثیر التصانیف عالم:

وہ ایک کثیر التصانیف عالم بھی تھے۔ ایک لحاظ سے دنیائے اسلام میں انہیں تصنیف وتالیف کے اعتبار سے ایک امتیازی مقام حاصل ہے، کیونکہ ایک اندازے کے مطابق ان کی تصانیف 50 علوم وفنون میں ایک ہزار سے زائد ہیں۔ اس قدر تصانیف کے علاوہ آپ نے مختلف علوم وفنون کی تقریباً 80 کتابوں پر تعلیقات وحاشیے بھی تحریر کئے ہیں۔ ان سارے علمی سرمایہ کے علاوہ دو علمی وفقہی شاہکار خاص طور پر قابل ذکر اور لائق ستائش ہیں۔ ایک فتاویٰ رضویہ جس کا پورا نام ''العطایا النبویہ فی الفتاویٰ الرضویہ'' ہے جو بارہ مجلدات پر مشتمل ہے، جس کی صرف پہلی جلد جہازی سائز کے ایک ہزار صفحات پر مشتمل ہے۔ ان کے اکثر فتاویٰ بجائے خود تحقیقی مقالات ورسائل کا حکم رکھتے ہیں۔ دوسرا علمی شاہکار قرآن مقدس کا ترجمہ ہے جس کا نام ''کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن'' ہے۔ نگاہِ عشق ومحبت سے بہت کم لوگوں نے قرآن کا ترجمہ کیا ہے۔

زیارت حرمین شریفین:

1296ھ مطابق 1878ء کو والد ماجد کے ہمراہ زیارت حرمین شریفین اور حج بیت اللہ شریف کو تشریف لے گئے۔ اس موقع پر حرمین طیبین کے جلیل القدر علمائے کرام مثلاً مفتی حنفیہ حضرت عبدالرحمٰن سراج اور مفتی شافعیہ حضرت سید احمد دحلان وغیرہ سے فقہ وتفسیر اور اصول فقہ پر اسناد حاصل کیں اور خود بیش تر علماء کو اسناد سے سرفراز فرمایا۔

سفرآخرت:

عالم اسلام کا یہ آفتاب اپنی تمام تر تابانیوں کے ساتھ مورخہ 25 صفر المظفر 1340ھ مطابق 1921ء کو نماز جمعہ کے وقت بریلی شریف کا شانہ اقدس میں ہمیشہ کے لئے غروب ہوگیا۔ مزارِ پاک محلہ سوداگران بریلی شریف میں ہے۔ ہر سال 25 صفر کو عرسِ مبارک منایا جاتا ہے۔☆

مطابقة الاختراعات العصریہ لما اخبر بہ سید البریہ ﷺ کا اردو ترجمہ

اِسلام اَور عصری ایجادات

یعنی

رسُول اللہ ﷺ کی سچّی خبریں

تالیف:

الامام العلامہ الحافظ ابوالفیض احمد بن محمد الصدیق الغماری الحسنی رحمۃ اللہ علیہ

تلخیص و ترجمہ:

عالمی مبلغ اسلام، مجاہد العلماء، فخر رضویت، جانشین خلیل العلماء،

ابوحماد مفتی احمد میاں برکاتی مارہروی بغدادی

رئیس دارالافتاء و شیخ الحدیث دارالعلوم احسن البرکات حیدرآباد

زاویہ پبلشرز

C-8 دربار مارکیٹ - لاہور

Ph: 042-37248657- 37112954

Mob: 0300-9467047- 0321-9467047- 03004505466

Email:zaviapublishers@gmail.com

بہ تعاون: مکتبہ قاسمیہ برکاتیہ ○ شاہراہ مفتی محمد خلیل خاں ○ حیدرآباد سندھ

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پاکستان

(بانیانِ پاکستان کے مطابق)

(افواجِ پاکستان، عدلیہ، سیاستدان، میڈیا، علماء اور عوام کیلئے تحفہ)

مصنف: عمیر محمود صدیقی

زاویہ پبلشرز
8-C دربار مارکیٹ - لاہور
Ph: 042-37248657- 37112954
Mob: 0300-9467047- 0321-9467047- 03004505466
Email:zaviapublishers@gmail.com

دکھ درد اور بیماریوں کا علاج

سنتِ مصطفیٰ ﷺ اور جدید سائنس

شریعتِ محمدی کے ہزار مسائل

صحاح ستہ اور عقائد اہل سنت

دینی تعلیم

مرنے کے بعد مومن خاک ہو جاتا ہے؟

خواتین اور دینی مسائل